عَافِیَۃَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَامْنُنْ عَلَیَّ بِالصِّحَّۃِ

دنیا اور آخرت کی عافیت کو جنم دے اور مجھ پر احسان فرما صحت

وَالْاَمْنِ وَالسَّلَامَۃِ فِیْ دِیْنِیْ وَبَدَنِیْ

امن ، جسم و ایمان کی سلامتی ،

وَالْبَصِیْرَۃِ فِیْ قَلْبِیْ وَالنَّفَاذِ فِیْ اُمُوْرِیْ

قلبی بصیرت ، نفاذِ امور کی صلاحیت ،

وَالْخَشْیَۃِ لَکَ وَالْخَوْفِ مِنْکَ وَالْقُوَّۃِ عَلٰی

بیم و خوف کا جذبہ اور جس اطاعت

مَآ اَمَرْتَنِیْ بِہٖ مِنْ طَاعَتِکَ وَالْاِجْتِنَابِ

کا تو نے حکم دیا ہے اسے بجا لانے کی قوت اور جن

لِمَا نَھَیْتَنِیْ عَنْہُ مِنْ مَّعْصِیَتِکَ

گناہوں سے منع کیا ہے ان سے اجتناب کی توفیق بخش کر

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ وَامْنُنْ عَلَيَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

بارِ الٰہا! مجھ پر یہ احسان بھی فرما کہ حج و عمرہ

وَزِيَارَةِ قَبْرِ رَسُوْلِكَ صَلَوٰتُكَ عَلَيْهِ وَرَحْمَتُكَ

اور قبرِ رسول صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کی زیارت

وَبَرَكَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِ رَسُوْلِكَ عَلَيْهِمُ

اور قبورِ آلِ رسول سلام اللہ علیہم کی زیارت کرتا

السَّلَامُ اَبَدًا مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ فِيْ عَامِيْ هٰذَا

رہوں ہمیشہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے اس سال بھی

وَفِيْ كُلِّ عَامٍ وَّاجْعَلْ ذٰلِكَ مَقْبُوْلًا مَّشْكُوْرًا

اور ہر سال اور ان عبادات کو مقبول و پسندیدہ

مَّذْكُوْرًا لَّدَيْكَ مَذْخُوْرًا عِنْدَكَ

قابلِ التفات اور اپنے ہاں ذخیرہ قرار دے

وَاَنْطِقْ بِحَمْدِكَ وَشُكْرِكَ وَذِكْرِكَ وَحُسْنِ

اور حمد، شکر، ذکر اور ثنائے جمیل

الثَّنَآءِ عَلَيْكَ لِسَانِيْ وَاشْرَحْ لِمَرَاشِدِ

کے نغموں سے میری زبان کو گویا رکھ اور دینی ہدایتوں کے لیے میرے

دِيْنِكَ قَلْبِيْ وَاَعِذْنِيْ وَذُرِّيَّتِيْ مِنَ

دل کی گرہیں کھول دے اور مجھے اور میری اولاد کو

Presented by www.ziaraat.com

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّ السَّآمَّةِ
شیطان مردود سے اور زہریلے جانوروں ،

وَالْهَآمَّةِ وَالْعَآمَّةِ وَاللَّآمَّةِ وَمِنْ
ہلاک کرنیوالے حیوانوں اور دوسرے جانوروں کے گزند اور چشم بد سے پناہ دے اور

شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ
ہر سرکش شیطان کے شر سے اور ہر

سُلْطٰنٍ عَنِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ مُتْرَفٍ
ظالم حکمران کے شر سے اور ہر جمع جتھے والے مغرور کے

حَفِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ ضَعِيْفٍ وَّشَدِيْدٍ
شر سے اور ہر کمزور اور طاقت ور کے شر سے

وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ شَرِيْفٍ وَّوَضِيْعٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ
اور ہر اعلیٰ اور ادنیٰ کے شر سے اور ہر

صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ قَرِيْبٍ وَّبَعِيْدٍ
چھوٹے بڑے کے شر سے اور ہر نزدیک اور دُور والے کے شر سے

وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ مَنْ نَّصَبَ لِرَسُوْلِكَ وَلِاَهْلِ
اور جن و انس میں سے تیرے پیغمبر اور ان کے اہل بیتؑ

بَيْتِهٖ حَرْبًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ
سے برسرپیکار ہونے والے اور

Presented by www.ziaraat.com

شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا

ہر حیوان کے شر سے جن پر تجھے تسلط حاصل ہے

اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

اس لیے کہ تو حق و عدل کی راہ پر ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اے اللہ! محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل فرما

وَمَنْ اَرَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ

اور جو مجھ سے برائی کرنا چاہے اسے مجھ سے روگرداں کر دے

وَادْحَرْ عَنِّيْ مَكْرَهٗ وَادْرَأْ عَنِّيْ شَرَّهٗ

اس کا مکر مجھ سے دُور " اس کا شر مجھ سے دفع کر دے

وَرُدَّ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ وَاجْعَلْ بَيْنَ

اور اسکے مکر و فریب (کے تیر) اسی کے سینے کی طرف پلٹا دے اور اس کے سامنے

يَدَيْهِ سَدًّا حَتّٰى تُعْمِيَ عَنِّيْ بَصَرَهٗ وَتُصِمَّ

ایک دیوار کھڑی کر دے یہانتک کہ اس کی آنکھوں کو میرے دیکھنے سے نابینا

عَنْ ذِكْرِيْ سَمْعَهٗ وَتُقْفِلَ دُوْنَ اَخْطَارِيْ

اور اسکے کانوں کو میرا ذکر سننے سے بہرا کر دے اور اس کے دل پر قفل چڑھا

قَلْبَهٗ وَتُخْرِسَ عَنِّيْ لِسَانَهٗ

دے اور میرے بارے میں کچھ کہنے سننے سے اس کی زبان کو گنگ کر دے

Presented by www.ziaraat.com

وَتَقمَعَ رَأسَهٗ وَتُذِلَّ عِزَّهٗ وَتَكسِرَ جَبَرُوتَهٗ

اس کا سر کچل دے ، اس کی عزت پامال کر دے ، اس کی تمکنت کو توڑ دے

وَتُذِلَّ رَقَبَتَهٗ وَتَفسَخَ كِبرَهٗ وَتُؤمِنَنِي

اسکی گردن میں ذلت کا طوق ڈال دے ، اس کا تکبر ختم کر دے اور مجھے

مِن جَمِيعِ ضَرِّهٖ وَشَرِّهٖ وَغَمزِهٖ وَهَمزِهٖ

اس کی ضرر رسانی ، شر پسندی ، طعنہ زنی ، غیبت ،

وَلَمزِهٖ وَحَسَدِهٖ وَعَدَاوَتِهٖ وَحَبَائِلِهٖ

عیب جوئی ، حسد ، دشمنی اور اس کے پھندوں

وَمَصَائِدِهٖ وَرَجِلِهٖ وَخَيلِهٖ اِنَّكَ

ہتھکنڈوں ، پیادوں اور سواروں سے اپنے حفظ و امان میں رکھ ۔ یقیناً تو

عَزِيزٌ قَدِيرٌ ۔

غلبہ اور اقتدار کا مالک ہے

## سواری کی دُعا

سُبحٰنَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ

پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے

مُقرِنِينَ ○ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ○

والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف (پلٹ کر) جانے والے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے ہلالِ ہر ماہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اَيُّهَا الْخَلْقُ الْمُطِيْعُ الدَّآئِبُ السَّرِيْعُ

اے وہ مخلوق! جو مقررہ منزلوں میں تیز رفتار و سرگرم عمل

الْمُتَرَدِّدُ فِيْ مَنَازِلِ التَّقْدِيْرِ الْمُتَصَرِّفُ فِيْ

اور باری باری داخل ہونے والی تدبیر کے آسمانوں میں

فَلَكِ التَّدْبِيْرِ اٰمَنْتُ بِمَنْ نَوَّرَ بِكَ الظُّلَمَ

تصرف کرنے والی میں اس ذات پر ایمان لا چکا جس نے تجھ سے تاریکیوں کو روشن کیا

وَاَوْضَحَ بِكَ الْبُهَمَ وَجَعَلَكَ اٰيَةً مِّنْ اٰيَاتِ

اندھیروں کو منور کر دیا تجھے اپنی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک

مُلْكِهٖ وَعَلَامَةً مِّنْ عَلَامَاتِ سُلْطَانِهٖ

نشانی، اور اپنے اقتدار کی علامتوں میں سے ایک علامت قرار دیا

وَامْتَهَنَكَ بِالزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ وَالطُّلُوْعِ

اور تجھے بڑھنے، گھٹنے، نکلنے،

وَالْاُفُوْلِ وَالْاِنَارَةِ وَالْكُسُوْفِ وَفِيْ كُلِّ

ڈوبنے چمکنے اور گہنانے سے ناچیز بنا دیا، اور ان

Presented by www.ziaraat.com

ذٰلِكَ اَنْتَ لَهٗ مُطِيْعٌ وَّ اِلٰى اِرَادَتِهٖ سَرِيْعٌ

باتوں میں تو خدا کا اطاعت گزار اور اسکے ارادوں کی تعمیل میں چست و تیز رفتار ہے

سُبْحٰنَهٗ مَآ اَعْجَبَ مَا دَبَّرَ فِيْٓ اَمْرِكَ

وہ کتنا پاک ہے! اس نے تیرے معاملات میں کتنی حیرت انگیز تدبیریں فرمائی ہیں

وَ اَلْطَفَ مَا صَنَعَ فِيْ شَاْنِكَ

تیرے حالات میں کس قدر لطیف صنعتیں صرف فرمائی ہیں

جَعَلَكَ مِفْتَاحَ شَهْرٍ حَادِثٍ لِّاَمْرٍ حَادِثٍ

اس نے تجھے نئے مہینے کے نئے معاملات کی کنجی بنایا

فَاَسْئَلُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكَ وَخَالِقِيْ وَخَالِقَكَ

تو میں اس اللہ سے سوال کرتا ہوں جو میرا اور تیرا پروردگار، میرا اور تیرا خالق

وَمُقَدِّرِيْ وَ مُقَدِّرَكَ وَ مُصَوِّرِيْ وَ مُصَوِّرَكَ

میری اور تیری تقدیر بنانے اور میری اور تیری صورت بنانے والا ہے

اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ

کہ وہ رحمت نازل فرمائے محمد و آل محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام پر

وَاَنْ يَّجْعَلَكَ هِلَالَ بَرَكَةٍ لَّا تَمْحَقُهَا الْاَيَّامُ

اور تجھے اپنی برکتوں کا چاند بنا دے جن کو زمانہ اور دن نہ مٹا سکیں

وَطَهَارَةٍ لَّا تُدَنِّسُهَا الْاٰثَامُ

تجھے ایسی طہارت کا چاند قرار دے جسے گناہ نجس نہ کر سکیں

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| هِلَالَ اَمْنٍ مِّنَ الْاٰفَاتِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ السَّيِّئَاتِ |
| ایسا چاند جو آفتوں سے محفوظ اور برائیوں سے سالم ہو |
| هِلَالَ سَعْدٍ لَّا نَحْسَ فِيْهِ وَيُمْنٍ لَّا نَكَدَ مَعَهٗ |
| ایسا چاند جس میں سعادتوں کے ساتھ نحوستیں نہ ہوں ، برکتیں ہوں زندگی کی تنگیاں نہ ہوں ۔ |
| وَيُسْرٍ لَّا يُمَازِجُهٗ عُسْرٌ وَّخَيْرٍ لَّا يَشُوْبُهٗ شَرٌّ |
| ایسی آسانیاں ہوں جو سختیوں کی ملاوٹ سے پاک ہوں ، وہ نیکیاں ہوں جن میں شر کا میل نہ ہو |
| هِلَالَ اَمْنٍ وَّاِيْمَانٍ وَّنِعْمَةٍ |
| امن و ایمان ، نعمت و |
| وَّاِحْسَانٍ وَّسَلَامَةٍ وَّاِسْلَامٍ |
| احسان ، سلامتی و امن کا چاند |
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ |
| خدایا ! محمد و آل محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام پر رحمت نازل فرما |
| وَاجْعَلْنَا مِنْ اَرْضٰى مَنْ طَلَعَ عَلَيْهِ وَاَزْكٰى |
| اور ہمیں ان پسندیدہ ترین آدمیوں میں سے بنا جن پر یہ چاند چمکا ان پاکیزہ ترین |
| مَنْ نَّظَرَ اِلَيْهِ وَاَسْعَدَ مَنْ |
| آدمیوں میں سے بنا جنھوں نے اس پر نگاہ ڈالی ان خوش قسمت ترین لوگوں میں سے بنا جو |
| تَعَبَّدَ لَكَ فِيْهِ وَوَفِّقْنَا فِيْهِ لِلتَّوْبَةِ |
| اس مہینہ میں تیری عبادت کریں ، ہمیں اس ماہ میں توبہ کی توفیق عطا فرما |

Presented by www.ziaraat.com

وَاعْصِمْنَا فِيهِ مِنَ الْحَوْبَةِ وَاحْفَظْنَا فِيهِ

اور ہمیں اس مہینہ میں گناہ سے بچا اور اپنی نافرمانی میں

مِنْ مُّبَاشَرَةِ مَعْصِيَتِكَ وَاَوْزِعْنَا فِيهِ شُكْرَ

مبتلا ہونے سے محفوظ رکھ اور اپنی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا

نِعْمَتِكَ وَاَلْبِسْنَا فِيهِ جُنَنَ الْعَافِيَةِ

موقع فراہم فرما ہمیں عافیت کا لباسِ حفاظت پہنا دے

وَاَتْمِمْ عَلَيْنَا بِاسْتِكْمَالِ طَاعَتِكَ فِيهِ الْمِنَّةَ

اور اس مہینے میں اپنے احسانات اپنی اطاعت کی تکمیل کے ساتھ مرحمت فرما

اِنَّكَ الْمَنَّانُ الْحَمِيدُ وَصَلَّى اللّٰهُ

بلاشبہ تو بڑا احسان کرنے والا اور بہت قابلِ ستائش ہے اور اللہ نے رحمت

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

نازل فرمائی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے پاکیزہ اہلِ بیت پر

## قنوت نمازِ جمعہ

اَللّٰهُمَّ اِنَّ عَبِيدًا مِّنْ

اے اللہ تیرے صالح بندوں میں سے

عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ قَامُوا بِكِتَابِكَ وَسُنَّةِ

کچھ بندے تیری کتاب اور تیرے نبیؐ کی سنت پر

نَبِيِّكَ فَاجْزِهِمْ عَنَّا خَيْرَ الْجَزَاءِ

قائم رہے۔ ان کو ہماری طرف سے (بھی) بہترین جزا عطا کر

Presented by www.ziaraat.com

# اعمالِ ماہِ رمضان مبارک

## دُعائے ہلال

رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ

میرا اور تیرا رب اللہ ہے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ

یا اللہ! اس چاند کو امن و ایمان،

وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْمُسَارَعَةِ اِلٰی

سلامتی اور اسلام اور تیری محبت و رضا کی طرف

مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ

بڑھنے کا (نشان) بنا دے یا اللہ! ہمارا یہ مہینہ ہمارے لیے

شَهْرِنَا هٰذَا وَارْزُقْنَا خَیْرَهٗ وَعَوْنَهٗ

مبارک اور ہمیں اس کی بھلائی اور اس کی امداد مرحمت فرما

وَاصْرِفْ عَنَّا ضَرَّهٗ وَشَرَّهٗ وَبَلَاۤءَهٗ

اور ہم کو اس مہینے کے نقصانات، تکالیف، بلاؤں

وَفِتْنَتَهٗ

اور فتنوں سے بچا

رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر قرآن پاک یا کسی عالم یا اپنے اہل و عیال کو دیکھا جائے

Presented by www.ziaraat.com

## ایک اور دعا

روایت ہے کہ چاند دیکھ کر اس دعا کا پڑھنا ضروریات سے ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ وَخَلَقَكَ

اس اللہ کی حمد، جس نے مجھے اور تجھے پیدا کیا

وَقَدَّرَ مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ مَوَاقِيْتَ لِلنَّاسِ

اور تیری منزلیں معین کر دیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا هِلَالًا مُّبَارَكًا

یا اللہ! یہ چاند دیکھنا برکت کا سبب ہو

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ

یا اللہ! یہ چاند ہم پر سلامتی و اسلام،

وَالْيَقِيْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى

یقین و ایمان، نیکی و تقویٰ

وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى

اور ایسی توفیق (عمل کا چاند) ہو جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو

## نیتِ روزہ

نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ کل روزہ رکھوں گا (یا رکھوں گی) قربۃً الی اللہ۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ روزہ محض حکم خدا کی تعمیل کے لیے رکھے۔ اَحوَط یہ ہے کہ شبِ اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کر لے اور

Presented by www.ziaraat.com

پھر ہر رات علیحدہ بھی نیت کرے ، اور اگر نیت کرنا بھول گیا ہو تو اگر زوال سے قبل یاد آجائے تو فوراً نیت کرلے روزہ صحیح رہے گا اور اگر زوال کے بعد یاد آئے تو باقی دن منافیٔ روزہ چیزوں سے پرہیز کرے لیکن روزہ باطل ہوگا۔ البتہ کفارہ واجب نہیں ہوگا۔ صرف قضا کی ادائگی واجب ہوگی

## دُعائے افطار

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ

یا اللہ! تیرے لیے میں نے روزہ رکھا

وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ

تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھی پر میں نے بھروسہ کیا

## دُعائے ہر شب

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذَا الشَّھْرِ رَمَضَانَ الَّذِیْ

یا اللہ! اس مہینے رمضان کے رب جس میں

اَنْزَلْتَ فِیْہِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰی عِبَادِکَ

تو نے قرآن نازل کیا اور اپنے بندوں پر اس میں

فِیْہِ الصِّیَامَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

روزے فرض کیے رحمت نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر

وَارْزُقْنِیْ حَجَّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فِیْ عَامِیْ ھٰذَا

اور مجھے اپنے محترم گھر (کعبے) کا حج نصیب کر اسی سال

Presented by www.ziaraat.com

وَفِي كُلِّ عَامٍ وَاغْفِرْ لِي تِلْكَ الذُّنُوبَ الْعِظَامَ

بلکہ ہر سال اور میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے

فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ يَا رَحْمٰنُ يَا عَلَّامُ

کہ وہ گناہ تیرے علاوہ کوئی بخشنے والا نہیں اے رحمٰن ! اے علام !

## یہ دُعا بھی پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ فِيمَا تَقْضِي

یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے بھی ان میں شمار کر جن کے بارے میں

وَتُقَدِّرُ مِنَ الْأَمْرِ الْمَحْتُومِ فِي الْأَمْرِ

تو تضاوت رکھے حتمی فیصلے حکمت سے

الْحَكِيمِ مِنَ الْقَضَاءِ الَّذِي لَا يُرَدُّ وَلَا

احکام میں وہ فیصلے کرے گا جنہیں نہ رد کیا جا سکتا ہے اور نہ

يُبَدَّلُ أَنْ تَكْتُبَنِي مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ

بدلا جا سکتا ہے۔ یہ کہ مجھے اپنے محترم گھر کے ان حاجیوں میں رکھ دے

الْحَرَامِ الْمَبْرُورِ حَجُّهُمُ الْمَشْكُورِ

جن کے حج پسندیدہ

سَعْيُهُمُ الْمَغْفُورِ ذُنُوبُهُمُ الْمُكَفَّرِ

جن کی سعی مقبول ، جن کے گناہ بخشے ہوئے ، جن کی بدعملی کے

Presented by www.ziaraat.com

عَنْ سَیِّاٰتِہِمْ وَاَنْ تَجْعَلَ فِیْمَا تَقْضِیْ

کفارے ادا ہو چکے اور یہ کہ مجھے قضا و قدر کے وقت

وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِیْلَ عُمْرِیْ فِیْ خَیْرٍ وَعَافِیَۃٍ

یوں قرار دے کہ میری عمر طویل، بھلائی، تندرستی کے ساتھ رہے

وَتُوَسِّعَ فِیْ رِزْقِیْ وَتَجْعَلَنِیْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ

اور میری روزی میں وسعت ہو، مجھے ان لوگوں میں قرار دے جو تیرے

بِہٖ لِدِیْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِیْ غَیْرِیْ

دین کی مدد کرنے والے ہیں اور میری جگہ میرے غیر کو نہ دے

## یہ دُعا بھی پڑھی جائے

اَللّٰہُمَّ بِرَحْمَتِكَ فِی الصّٰلِحِیْنَ فَاَدْخِلْنَا

یا اللہ! مجھے اپنی رحمت سے نیک عمل لوگوں میں داخل کرنا

وَفِیْ عِلِّیِّیْنَ فَارْفَعْنَا وَبِكَاْسٍ مِّنْ

اور جنت کے بلند درجوں میں جگہ دینا، اور سلسبیل کے

مَّعِیْنٍ مِّنْ عَیْنٍ سَلْسَبِیْلٍ فَاسْقِنَا

صاف و شفاف پانی کے چشمے کے پیالے سے سیراب کرنا

وَمِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ بِرَحْمَتِكَ فَزَوِّجْنَا

اور اپنی رحمت کے صدقے مجھے حورِ عین کا ساتھی بنانا

Presented by www.ziaraat.com

وَمِنَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدِيْنَ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

اور چمکتے موتی جیسے ، سدا زندہ رہنے والے نوعمر خادموں کو

مَّكْنُوْنٌ فَاخْدِمْنَا وَمِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

ہماری خدمت میں دینا اور جنت کے پھلوں ،

وَلُحُوْمِ الطَّيْرِ فَاَطْعِمْنَا وَمِنْ ثِيَابِ

پرندوں کے گوشت کو خوراک میں دینا اور

السُّنْدُسِ وَالْحَرِيْرِ وَالْاِسْتَبْرَقِ فَاَلْبِسْنَا

سُندس (جنت) کا کپڑا اور ریشم و استبرق کے خلعت عطا کرنا

وَلَيْلَةَ الْقَدْرِ وَحَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ وَقَتْلاً

اور شب قدر و حج بیت اللہ اور راہِ حق میں قتل

فِيْ سَبِيْلِكَ فَوَفِّقْ لَنَا وَصَالِحَ الدُّعَاۤءِ

ہونے کی توفیق عطا فرما ، اور صالح دعاؤں

وَالْمَسْئَلَةِ فَاسْتَجِبْ لَنَا وَاِذَا جَمَعْتَ

اور سوالوں کو پورا کر اور جب

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَارْحَمْنَا

اولین و آخرین کو قیامت کے دن جمع کرنا تو ھم پر رحم فرمانا

وَبَرَاۤءَةً مِّنَ النَّارِ فَاكْتُبْ لَنَا وَفِيْ

اور جہنم کی آگ سے آزادی دینا اور

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| جَهَنَّمَ فَلَا تَغُلَّنَا وَفِي عَذَابِكَ وَهَوَانِكَ |
| دوزخ میں زنجیروں سے نہ جکڑنا ، عذاب و رسوائی میں |
| فَلَا تَبْتَلِنَا وَمِنَ الزَّقُّومِ وَالضَّرِيعِ فَلَا |
| مبتلا نہ فرمانا ، تھوہر اور بدبودار پانی نہ |
| تُطْعِمْنَا وَمَعَ الشَّيَاطِينِ فَلَا تَجْعَلْنَا |
| پلوانا اور شیطانوں کے ساتھ نہ رکھنا ، |
| وَفِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِنَا فَلَا تَكُبَّنَا وَمِنْ |
| ہمیں چہروں کے بل آگ میں نہ ڈھکیلنا ، اور |
| ثِيَابِ النَّارِ وَسَرَابِيلِ الْقَطِرَانِ فَلَا تُلْبِسْنَا |
| آگ کے پیراہن اور زیر جامے نہ پہنانا |
| وَمِنْ كُلِّ سُوْءٍ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے وہ معبود کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہمیں ہر برائی سے |
| بِحَقِّ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ فَنَجِّنَا |
| بحق لآ الٰہ الّا انت نجات دینا |

(اے خدا) تو ہمارے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے۔

تو ہمارے گناہوں کو معاف فرما کیونکہ تیرے سوا

گناہ معاف کرنے والا کوئی نہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے سَحَر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ بَهَآئِكَ بِاَبْهَاهُ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نور بالائے نور سے سوال کرتا ہوں اور تیرا تو

بَهَآئِكَ بَهِیٌّ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِبَهَآئِكَ كُلِّهٖ

ہر نور نور ہے ، یا الٰہی! میں تیرے نورِ کامل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ جَمَالِكَ بِاَجْمَلِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے جمال بالائے جمال کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

جَمَالِكَ جَمِیْلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِجَمَالِكَ كُلِّهٖ

جمال بڑا جمال ہے ، الٰہی! میں تیرے کامل جمال کے واسطے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ جَلَالِكَ بِاَجَلِّهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے اس جلال کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں جو بہت بڑا جلال ہے اور

جَلَالِكَ جَلِیْلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِكَ كُلِّهٖ

تیرا ہر جلال بڑا جلال ہے ، الٰہی! میں تیرے جلالِ کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ عَظَمَتِكَ بِاَعْظَمِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری عظمت اور بڑی عظمت کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں اور تیری

عَظَمَتِكَ عَظِیْمَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِعَظَمَتِكَ كُلِّهَا

ہر عظمت عظیم ہے الٰہی! میں تیری عظمتِ کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ نُوْرِكَ بِاَنْوَرِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نورِ انور سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

نُوْرِكَ نَیِّرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِكَ كُلِّهٖ

نور بالائے نور ہے الٰہی! میں تیرے نورِ کامل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ رَحْمَتِكَ بِاَوْسَعِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری وسیع ترین رحمت سے سوال کرتا ہوں اور تیری

رَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ كُلِّهَا

ہر رحمت وسیع ترین ہے الٰہی! میں تیری رحمتِ کاملہ سے مانگتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ كَلِمَاتِكَ بِاَتَمِّهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے کامل ترین کلمات سے سوال کرتا ہوں اور تیرے سب

كَلِمَاتِكَ تَامَّةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ كُلِّهَا

کلمے کامل ترین ہیں الٰہی! میں تیرے کامل کلمات سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ كَمَالِكَ بِاَكْمَلِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے کمالِ اکمل سے سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر

كَمَالِكَ كَامِلٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ كُلِّهٖ

کمال کامل ترین ہے الٰہی! میں تیرے کمالِ اکمل سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَائِكَ بِاَكْبَرِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے ناموں میں سب سے بڑے نام سے سوال کرتا ہوں اور تیرے

أَسْمَائِكَ كَبِيرَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِأَسْمَائِكَ كُلِّهَا

سب نام بہت بڑے ہیں الٰہی! میں تیرے سب ناموں کے ذریعہ سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ عِزَّتِكَ بِأَعَزِّهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری عزت بالائے عزت سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہی

عِزَّتِكَ عَزِيزَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا

عزت سب سے بالا ہے الٰہی! میں تیری عزتِ کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ مَشِيَّتِكَ بِأَمْضَاهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری اس مشیّت سے سوال کرتا ہوں جو سب سے زیادہ جاری ہے اور

مَشِيَّتِكَ مَاضِيَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِمَشِيَّتِكَ كُلِّهَا

تیری ہر مشیّت جاری ہے الٰہی! میں تیری مشیت کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ قُدْرَتِكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ

یا اللہ! میں تیری اس قدرت سے سوال کرتا ہوں جس کی

اسْتَطَلْتَ بِهَا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَكُلُّ قُدْرَتِكَ

بنا پر تو ہر چیز پر قادر ہے اور تیری ہر قدرت

مُسْتَطِيلَةٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا

غالب ہے الٰہی! میں تیری قدرتِ کاملہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ عِلْمِكَ بِأَنْفَذِهِ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نافذ ترین علم سے سوال کرتا ہوں اور

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| عِلْمُكَ نَافِذٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهٖ |
| تیرا ہر علم نافذ ہے الٰہی! میں تیرے علمِ کامل سے سوال کرتا ہوں |
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ قَوْلِكَ بِاَرْضَاهُ وَكُلُّ |
| یا اللہ! میں تیرے اس قول سے سوال کرتا ہوں جو سب سے زیادہ پسندیدہ ہے اور تیرا |
| قَوْلِكَ رَضِیٌّ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ كُلِّهٖ |
| ہر قول پسندیدہ ہے الٰہی! میں تیرے قولِ کامل سے سوال کرتا ہوں |
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ مَسَآئِلِكَ بِاَحَبِّهَا |
| یا اللہ! میں تیرے پسندیدہ مسائل میں سے سوال کرتا ہوں |
| اِلَيْكَ وَكُلُّ مَسَآئِلِكَ اِلَيْكَ حَبِيْبَةٌ |
| اور تیرے سب مسائل پسندیدہ ہیں |
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَسَآئِلِكَ كُلِّهَا |
| الٰہی! میں تیرے مسائل کاملہ سے سوال کرتا ہوں |
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ شَرَفِكَ بِاَشْرَفِهٖ وَكُلُّ |
| یا اللہ! میں تیرے شرف بالائے شرف سے سوال کرتا ہوں اور |
| شَرَفِكَ شَرِيْفٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهٖ |
| تیرا ہر شرف بلند و برتر ہے الٰہی! میں تیرے شرفِ کامل سے سوال کرتا ہوں |
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطٰنِكَ بِاَدْوَمِهٖ وَكُلُّ |
| یا اللہ! میں تیری کامل بادشاہی سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر قسم کی |

Presented by www.ziaraat.com

سُلْطٰنِكَ دَآئِمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِسُلْطٰنِكَ كُلِّهٖ

سلطنت دائمی ہے الٰہی! میں تیری کامل بادشاہی سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ مُّلْكِكَ بِاَفْخَرِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے نفیس ترین مُلک سے سوال کرتا ہوں اور تیرا پورا

مُلْكِكَ فَاخِرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِمُلْكِكَ كُلِّهٖ

مُلک نفیس ترین ہے الٰہی! میں تیرے ملک کامل کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ عُلُوِّكَ بِاَعْلَاهُ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری بلند ترین بلندی کے صدقے میں مانگتا ہوں اور تیری ہر

عُلُوِّكَ عَالٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّكَ كُلِّهٖ

بلندی انتہائی بلند ہے الٰہی! میں تیری کامل بلندی کے واسطے سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّنِّكَ بِاَقْدَمِهٖ وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیرے قدیم ترین احسان کے واسطے سے مانگتا ہوں اور تیرا ہر

مَنِّكَ قَدِيْمٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِمَنِّكَ كُلِّهٖ

احسان بہت قدیم ہے الٰہی! میں تیرے احسانِ کامل کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ مِنْ اٰيٰتِكَ بِاَكْرَمِهَا وَكُلُّ

یا اللہ! میں تیری آیتوں میں سب سے معزز آیت کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر

اٰيٰتِكَ كَرِيْمَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ بِاٰيٰتِكَ كُلِّهَا

آیت انتہائی مکرم ہے الٰہی! میں تیری سب آیتوں کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں۔

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِمَآ اَنْتَ فِیْہِ مِنَ الشَّاْنِ

یا اللہ! میں، تیری ہر شانِ یکتائی اور

وَالْجَبَرُوْتِ وَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ شَاْنٍ وَّحْدَہٗ

اور جبروت منفرد کی بنا پر

وَجَبَرُوْتٍ وَّحْدَھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِمَا

دعا کرتا ہوں الٰہی! میں دعا کرتا ہوں کہ

تُجِیْبُنِیْ حِیْنَ اَسْئَلُکَ فَاَجِبْنِیْ یَآ اَللّٰہُ

جب میں دعا کروں تو قبول کرلے لہٰذا اے اللہ میری دعا قبول فرما

## مختصر دعائے سحر

یَا مَفْزَعِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ وَیَا غَوْثِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ

اے میرے دکھ میں میرے فریاد رس! اے میری سختیوں میں میری داد کو پہنچنے والے

اِلَیْکَ فَزِعْتُ وَبِکَ اسْتَغَثْتُ وَبِکَ لُذْتُ

میں تجھ سے فریاد کرتا ہوں، تجھ سے داد مانگتا ہوں اور تجھی سے پناہ کی درخواست ہے،

لَآ اَلُوْذُ بِسِوَاکَ وَلَآ اَطْلُبُ الْفَرَجَ

تیرے غیر سے پناہ نہیں لوں گا۔ اور تیرے سوا کسی سے کشائش طلب

اِلَّا مِنْکَ فَاَغِثْنِیْ وَفَرِّجْ عَنِّیْ

نہ کروں گا میری فریاد کو پہنچ میرے غم کو دور کردے

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَنْ يَقْبَلُ الْيَسِيرَ وَيَعْفُو عَنِ الْكَثِيرِ

اے کم سے کم تر عمل خیر کو قبول اور زیادہ سے زیادہ گناہوں کو معاف کرنے والے

اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيرَ وَاعْفُ عَنِّي الْكَثِيرَ

میرے حقیر عمل کو قبول فرما ——— اور میرے بہت سے گناہوں کو بخش دے

إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

بلاشبہ تو بہت زیادہ بخشنے والا اور بہت زیادہ رحم کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا تُبَاشِرُ بِهِ قَلْبِي

یا اللہ! میں تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جس سے دل کو فرحت ہو

وَيَقِينًا صَادِقًا حَتّٰى أَعْلَمَ أَنَّهُ لَنْ يُصِيبَنِي

اور ایسا سچا یقین کہ مجھے علم و یقین ہو جائے کہ مجھے ہرگز کچھ نہیں مل سکتا

إِلَّا مَا كَتَبْتَ لِي وَرَضِّنِي مِنَ الْعَيْشِ

مگر وہ جو تو نے میرے مقدر میں لکھ دیا ہے اور زندگانی دنیا میں جو میرے نصیب میں

بِمَا قَسَمْتَ لِي يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

ہے اس پر مجھے راضی کر دے اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑے رحم کرنے والے

يَا عُدَّتِي فِي كُرْبَتِي وَيَا صَاحِبِي فِي شِدَّتِي

اے تکلیفوں کے وقت میرے سہارے، میری سختیوں میں میرے ساتھی،

وَيَا وَلِيِّي فِي نِعْمَتِي وَيَا غَايَتِي فِي رَغْبَتِي

میری نعمتوں کے والی، میری خواہشوں کی انتہا

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| اَنْتَ السَّاتِرُ عَوْرَتِیْ وَالْاٰمِنُ رَوْعَتِیْ |
| تو ہی میری کمزوریاں چھپانے والا ، تو ہی میرے خوف کو اطمینان سے بدلنے والا ، |
| وَالْمُقِیْلُ عَثْرَتِیْ فَاغْفِرْ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ |
| میری ٹھوکروں کو معاف کرنے والا ہے میری خطائیں معاف فرما دے |
| یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ |
| اے ارحم الراحمین |

## ماہِ رمضان میں ہر نماز کے بعد کی دعا

| |
|---|
| یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یَاغَفُوْرُ یَارَحِیْمُ |
| اے بلند ذات اے عظمت کے مالک اے بہت بخشنے والے اے بہت رحم کرنے والے |
| اَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ |
| تو ہی وہ عظیم رب ہے جس کی مثال کوئی چیز نہیں |
| وَّھُوَالسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ وَھٰذَا شَھْرٌ عَظَّمْتَہٗ |
| وہ بہت سننے والا بیحد صاحب نظر ہے اور یہ مہینہ وہ ہے جسے تو نے عظمت دی |
| وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَفَضَّلْتَہٗ عَلَی الشُّھُوْرِ |
| اسے مکرم کیا ، اسے شرف دیا اور تو نے ہی اسے تمام مہینوں پر فضیلت دی |
| وَھُوَالشَّھْرُ الَّذِیْ فَرَضْتَ صِیَامَہٗ عَلَیَّ |
| اسی مہینے میں تو نے مجھ پر روزے واجب کیے |

Presented by www.ziaraat.com

وَهُوَ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ فِیْهِ الْقُرْاٰنَ

اسی ماہِ رمضان میں تو نے قرآن نازل فرمایا ہے

هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ

جو لوگوں کے لیے ہدایت ، ہدایت کی واضح دلیلیں اور حق و باطل کا امتیاز ہے

وَجَعَلْتَ فِيْهِ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَهَا خَيْرًا مِّنْ

اسی (مہینے) میں تو نے شب قدر رکھی اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر

اَلْفِ شَهْرٍ فَيَاذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ

بنایا ، پس اے صاحبِ احسان کہ تجھ پر احسان نہیں کیا جاسکتا

مُنَّ عَلَيَّ بِفَكَاكِ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ فِيْمَنْ

مجھ پر احسان فرما ، جہنم سے میری گردن کو آزاد کرکے ، ممنونِ احسان

تَمُنُّ عَلَيْهِ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ

لوگوں کی طرح ، اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل فرما

يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑے مہربان

## اعمالِ شبِ قدر

شبِ قدر میں دو رکعت نماز بجا لائیے۔ اور ہر رکعت میں سورۃ الحمد اور سات مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد

Presented by www.ziaraat.com

ستّر مرتبہ اَستَغفِرُ اللہَ وَاَتُوبُ اِلَیہِ کہے ۔ حق تعالیٰ اس کو اور اس کے والدین کو بخش دے گا، اور غسل ان تینوں شبوں میں سنّت مؤکدہ ہے ۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن لے اور کھولے اور اپنے مُنہ کے سامنے رکھے اور کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسئَلُکَ بِکِتَابِکَ المُنزَلِ وَمَا فِیہِ وَفِیہِ اِسمُکَ الاَکبَرُ وَاَسمَآئُکَ الحُسنٰی وَمَا یُخَافُ وَیُرجٰی اَن تَجعَلَنِی مِن عُتَقَائِکَ مِنَ النَّارِ وَتَقضِیَ حَوَآئِجِی الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃِ پس اپنی حاجت خدا سے طلب کرے اور قرآن مجید لے اور سر پر رکھے اور کہے : اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا القُراٰنِ وَبِحَقِّ مَن اَرسَلتَہٗ بِہٖ وَبِحَقِّ کُلِّ مُؤمِنٍ مَدَحتَہٗ فِیہِ وَبِحَقِّکَ عَلَیہِم فَلَآ اَحَدَ اَعرَفُ بِحَقِّکَ مِنکَ

پس دس مرتبہ کہے بِکَ یَا اَللہُ دس مرتبہ بِمُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِعَلِیٍّ دس مرتبہ بِفَاطِمَۃَ دس مرتبہ بِالحَسَنِ دس مرتبہ بِالحُسَینِ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابنِ الحُسَینِ دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِجَعفَرِ

Presented by www.ziaraat.com

اِبْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِمُوْسٰی اِبْنِ جَعْفَرٍ دس مرتبہ بِعَلِیِّ اِبْنِ مُوْسٰی دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ دس مرتبہ بِالْحُجَّةِ عَلَیْهِ السَّلَامُ کہے۔

پس جو حاجت رکھتا ہے طلب کرے اور زیارت امام حسین علیہ السلام ان تینوں شبوں میں سنّتِ مؤکدہ ہے اور ہر شب میں خصوصاً ۲۳ویں شب میں (سَو) رکعت نماز پڑھنا سنّت ہے اور ہر دو رکعت کے بعد سلام کہے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ حمد ایک مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ اگر نماز ہائے قضا عمری ہوں تو بہتر ہے کہ اُن کو ادا کرے اور انیسویں شب کے مخصوص اعمال یہ ہیں کہ سَو مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اور سَو مرتبہ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

انیسویں شب کے اعمال میں دُعائے ہر شب کے علاوہ سورۂ عنکبوت اور ۲۳ ویں شب سورۂ روم پڑھے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ ۲۳ ویں شب کو ہزار بار سورۂ قدر پڑھے اور سورۂ حٰمٓ و دخان اور جوشن کبیر اور دعائے صحیفۂ کاملہ بھی اس شب میں پڑھنا سنّت ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

# نمازِ عیدین

نیّت : دو رکعت نمازِ عید الفطر یا عید الاضحٰے پڑھتا ہوں ، سنّت قربۃً الی اللہ

پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد یہ سورۃ پڑھے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِيْ خَلَقَ

تسبیح کیجیے اپنے رب کے نام کی جو سب سے برتر ہے جس نے پیدا کیا

فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝

پھر ٹھیک بنایا اور جس نے اندازہ ٹھہرایا پھر راہ دکھائی

وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝ فَجَعَلَهٗ غُثَاۗءً اَحْوٰى ۝

اور جس نے اُگایا چارا پھر کر دیا اس کو خشک چورا سیاہ

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ؕ

البتہ ہم پڑھا دیں گے آپ کو پھر آپ نہ بھولیں گے مگر جو اللہ چاہے

اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ

بیشک وہ جانتا ہے ہر ظاہر اور مخفی بات کو ــــــ اور ہم آسان کر دیں گے آپ پر

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝ |
| چلنے آسان طریقہ پر — پس آپ نصیحت کیجیے اگر نفع دے نصیحت |
| سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ |
| نصیحت حاصل کرے گا جو ڈرتا ہے — اور الگ رہے گا اس سے برا بدنصیب |
| الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ |
| جو داخل ہوگا سخت آگ میں — پھر نہ تو وہ مرے گا |
| فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ |
| اس میں اور نہ جیے گا — بیشک کامیاب ہوا جو پاک رہا |
| وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ |
| اور یاد کیا نام اپنے رب کا پھر نماز پڑھی — بلکہ تم تو ترجیح دیتے ہو |
| الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ |
| زندگی دنیا کو — حالانکہ آخرت کہیں بہتر اور زیادہ پائیدار ہے |
| اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ |
| بیشک یہی ہے پہلے صحیفوں میں — (یعنی) |
| اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝ |
| ابراہیمؑ اور موسٰیؑ کے صحیفوں میں |
| دوسری رکعت میں سورۃ حمد کے بعد یہ سورۃ پڑھے : |

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝

قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی   اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝

اور دن کی جب وہ اس کو روشن کر دے   اور رات کی جب کہ وہ اسکو ڈھانپ لے

وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝

اور آسمان کی اور اس کی جس نے اسے بنایا   اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے بچھایا

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا

اور جان کی اور اسکی جس نے اسے درست کیا   پس اسے بتا دی اس کی نافرمانی

وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ

اور اس کی پرہیزگاری   کہ کامیاب ہوا وہی جس نے اسے پاک رکھا   اور

خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝

محروم رہا وہی جس نے اس کو ناپاک رکھا   جھٹلایا تھا ثمود نے اپنی سرکشی سے

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جب کہ اٹھا ان میں کا بڑا بدبخت   پس کہا ان سے اللہ کے رسول نے (کہ بچو)

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

اللہ کی اونٹنی اور اسکی پانی پینے کی باری (سے)   پس انہوں نے جھٹلایا اسکو پھر کاٹ ڈالا اسکو

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ |
| تو ہلاکت نازل کی ان پر ان کے رب نے ان کے گناہوں کے بدلے پھر برابر کر دیا ان کو |
| وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ |
| اور وہ نہیں ڈرتا اس کے انجام سے |
| پہلی رکعت میں ۵ تکبیریں کہہ کر ۵ قنوت پڑھے۔ دوسری رکعت میں ۴ تکبیریں کہہ کر ۴ قنوت پڑھے۔ ہر تکبیر کے بعد حسبِ ذیل دُعائے قنوت پڑھے : |
| اَللّٰهُمَّ اَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ وَاَهْلَ |
| اے اللہ! بڑائیوں اور عظمت والے ، |
| الْجُوْدِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَهْلَ الْعَفْوِ وَالرَّحْمَةِ |
| سخاوت اور ہیبت والے ، بخشش اور رحمت والے |
| وَاَهْلَ التَّقْوٰى وَالْمَغْفِرَةِ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ |
| تقویٰ اور بخشش والے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں |
| هٰذَا الْيَوْمِ الَّذِىْ جَعَلْتَهٗ لِلْمُسْلِمِيْنَ عِيْدًا |
| اس دن کے واسطے سے جس کو تو نے مسلمانوں کے لیے عید بنایا |
| وَلِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ذُخْرًا |
| اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ذخیرہ |
| وَّشَرَفًا وَّكَرَامَةً وَّمَزِيْدًا اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى |
| شرف بزرگی اور اضافہ (اجر) کا ذریعہ قرار دیا کہ تو رحمت نازل فرما |

Presented by www.ziaraat.com

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُدْخِلَنِیْ فِیْ

محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور مجھے ہر اس بھلائی میں داخل

کُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْهِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ

فرما جس میں تو نے محمدؐ و آلِ محمدؐ کو داخل کیا

وَاَنْ تُخْرِجَنِیْ مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ اَخْرَجْتَ مِنْهُ

اور مجھے ہر اس برائی سے نکال دے جس سے تو نے

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ صَلَوٰتُكَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

حضرت محمدؐ و آلِ محمدؐ کو نکالا آپؐ پر اور اُن سب پر تیری رحمت ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ مَا سَئَلَكَ بِهٖ

اے اللہ! میں تجھ سے اس افضل شے کا سوال کرتا ہوں جس کا

عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ

تیرے صالح بندوں نے سوال کیا اور تجھ سے ایسی چیزوں کی معافی چاہتا ہوں

مِنْهُ عِبَادُكَ الْمُخْلَصُوْنَ

جن سے تیرے مخلص بندوں نے معافی چاہی۔

## دُعائے قربانی

وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ

میں نے اپنا رُخ اس کی طرف کرلیا جس نے

فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، ہرشے سے بے تعلق اور فرماں بردار بن کر

Presented by www.ziaraat.com

وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ اِنَّ صَلوٰتِيْ وَنُسُكِيْ

اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں بے شک میری نماز اور میری عبادتیں

وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا

اور میری زندگی اور میری موت۔ جہانوں کے پالنے والے اللہ کے لیے ہے جس کا

شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں فرماں برداروں میں سے ہوں

اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اے اللہ تیری طرف سے اور تیرے ہی لیے۔ اللہ کے نام سے اور اللہ بزرگ تر ہے

کہہ کر ذبح کرے۔ اس کے بعد اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ کہے اور اگر چند آدمیوں نے مل کر قربانی کی تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہے تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے۔ اگر کئی افراد کی طرف سے ہے تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ۔ بہتر یہ ہے کہ هُمْ یا مِنَّا کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے جن کی طرف سے قربانی ہے۔

کیا میں حقِّ زہرا (خمس) ادا کر رہا ہوں؟

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے یوم عاشورہ

سلامتیٔ سال کے لیے یہ دُعا عاشورہ کے دن دس مرتبہ پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّهٖ

یا اللہ! میں تجھ سے امام حسین (علیہ السّلام)، ان کے نانا،

وَاَبِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَخِیْهِ فَرِّجْ عَنِّیْ مَآ اَنَا فِیْهِ

ان کے والد، ان کی والدہ اور ان کے بھائی کے حق کا واسطہ دیکر دعا کرتا ہوں کہ میں جس

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

حالت میں ہوں اس سے نجات دے۔ تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

## برائے سلامتیٔ سال

یہ دُعا بھی عاشورہ کے دن دو مرتبہ پڑھی جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت نازل فرما محمّد (صلی اللہ علیہ آلہٖ وسلم) اور آلِ محمّدؐ پر

وَّسَلِّمْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

اور سلام ہو تمام انبیاء و مرسلین پر

سُبْحٰنَ اللّٰهِ مَلَاَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَهَی الْعِلْمِ

"سبحان اللہ" ترازو کی پوری تول علم کی انتہا

Presented by www.ziaraat.com

وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِيِّ

(اللہ کی) رضا کی آخری حد ، عرش کے وزن اور کرسی کی وسعت کے برابر

لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ

نہ کوئی جائے پناہ نہ کوئی نجات کا ٹھکانہ سوائے اللہ کی ذات کے

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ

"سبحان اللہ" شفع و وتر ،

وَعَدَدَ كَلِمٰتِهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا

کلماتِ تامات کے اعدادِ کامل کے برابر

اَسْئَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

میں اللہ کی رحمت سے سلامتی کا سوال کرتا ہوں کوئی قوت و طاقت

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَهُوَ حَسْبِيْ

اللہ کے سوا نہیں ہے وہ بلند اور عظمت والا ہے وہ (اللہ) میرے لیے کافی ہے

وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

اور وہ بہترین کارساز ہے وہ بہترین مولا اور بہترین مددگار ہے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

اور اللہ نے رحمت نازل فرمائی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کی اولاد پر

وَسَلَّمَ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اور سلام ہو تمام نبیوں اور رسولوں پر

Presented by www.ziaraat.com

وَاقْضِ حَاجَاتِي اَللّٰهُمَّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور میری حاجتوں کو دنیا و آخرت میں پورا فرما

وَطَوِّلْ عُمْرِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَرِضَاكَ

اور اپنی اطاعت اور رضا جوئی میں میری عمر لمبی کر دے

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین!

# زیارت وارث

عاشور کا دن ختم ہوتے وقت یہ زیارت پڑھیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت آدم صفی اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَّبِيِّ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت نوح نبی اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت موسیٰ کلیم اللہ کے وارث

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے حضرت عیسیٰ روح اللہ کے وارث

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ |
| آپ پر سلام اے محمد مصطفےٰ حبیبِ خدا کے وارث |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ |
| آپ پر سلام اے امیرالمؤمنین علی مرتضیٰؑ کے وارث |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ |
| آپ پر سلام اے رسول اللہ کے نواسے |
| الشَّهِيْدِ سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ |
| حسنؑ شہید کے وارث |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ |
| آپ پر سلام اے فرزندِ بشیرؐ و نذیرؐ ، |
| وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ |
| فرزندِ سردارِ اوصیاء |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ |
| آپ پر سلام اے فرزندِ فاطمہؑ زہراء |
| سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ |
| جو تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ |
| آپ پر سلام اے ابو عبداللہ |

Presented by www.ziaraat.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ

آپ پر سلام اے پسندیدۂ خدا و فرزندِ پسندیدۂ خدا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ

آپ پر سلام اے خوں بہائے خدا و فرزندِ خوں بہائے خدا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ

آپ پر سلام اے وہ ذات جس کے خون کا بدلہ باقی ہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِيُ الزَّكِيُّ

آپ پر سلام اے امام ہادی پاک

وَعَلٰٓى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَآئِكَ وَاَقَامَتْ

اور ان روحوں پر (سلام) جو آپ کے حضور میں حاضر اور آپ کے پڑوس

فِيْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ

میں آکر ٹھہریں اور آپ کے زوّاروں کے ساتھ آئیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّيْ مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

میرا سلام ہو آپ پر جب تک میں باقی ہوں اور دن رات باقی ہیں

فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ

آپ کی مصیبت اور آپ کا غم

فِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْٓ اَهْلِ

اہلِ ایمان پر اور مسلمانوں پر اور تمام

Presented by www.ziaraat.com

السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَفِيْ سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ

آسمان والوں اور تمام زمین کے مکینوں پر بہت سخت ہوا

فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

وَصَلَوٰةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ عَلَيْكَ

اور اللہ کی رحمتیں ، برکات اور تحیات ہوں آپ پر

وَعَلٰى اٰبَآئِكَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ

اور آپ کے طیب و منتخب آباؤ اجداد پر

وَعَلٰى ذَرَارِيْهِمِ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ

اور آپ کی ہدایت کرنے والی اور ہدایت یافتہ اولادِ پاک پر

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى رُوْحِكَ

سلام ہو اے مولا ! آپ پر اور ان سب پر ، آپ کی روح پاک پر

وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰى تُرْبَتِكَ وَعَلٰى تُرْبَتِهِمْ

اوران سب کی پاک ارواح پر، آپ کی تربت اور ان سب کی پاک تربتوں پر

اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَّرِضْوَانًا وَّرَوْحًا وَّرَيْحَانًا

یا اللہ ! ان سب کو اپنی رحمت و رضا ، راحت و مسرت سے سرفراز فرما

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

آپ پر سلام اے مولا ! اے ابو عبداللہ

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| یَا بْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ |
| اے فرزندِ خاتم الانبیاء اے فرزندِ سید الاوصیاء |
| وَیَا بْنَ سَیِّدَةِ نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ |
| اے تمام عورتوں کی سردار خاتون کے فرزند |
| اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا شَهِیْدُ یَا بْنَ الشَّهِیْدِ |
| آپ پر سلام اے شہید، شہید کے فرزند، |
| یَآ اَخَا الشَّهِیْدِ یَآ اَبَا الشُّهَدَآءِ |
| شہید کے بھائی ، شہیدوں کے والد |
| اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّیْ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِیْ هٰذَا الْیَوْمِ |
| یا اللہ! امام کو میری طرف سے اسی گھڑی ، آج ہی کے دن |
| وَفِیْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِیْ كُلِّ وَقْتٍ تَحِیَّةً كَثِیْرَةً وَّسَلَامًا |
| اسی وقت بلکہ ہر وقت بکثرت سلام اور تحیات پہنچا دے |
| سَلَامُ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ |
| آپ پر اللہ کا سلام اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں |
| یَا بْنَ سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ وَعَلَی الْمُسْتَشْهَدِیْنَ مَعَكَ |
| اے تمام جہانوں کے سردار کے فرزند اور آپ کے ساتھ شہید ہونے والوں پر (سلام) |
| سَلَامًا مُّتَّصِلًا مَّا اتَّصَلَ اللَّیْلُ وَالنَّهَارُ |
| یہ سلام یوں لگاتار و مسلسل ہو جیسے رات اور دن کا تسلسل |

Presented by www.ziaraat.com

اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ

حسینؑ ابنِ علیؑ شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ

فرزندِ امام حسین شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى عَبَّاسِ ابْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ

عباس ابن امیرالمومنین شہید پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاۗءِ مِنْ وُّلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اولادِ امیرالمومنینؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاۗءِ مِنْ وُّلْدِ الْحَسَنِ

اولادِ امام حسنؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاۗءِ مِنْ وُّلْدِ الْحُسَيْنِ

اولادِ امام حسینؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاۗءِ مِنْ وُّلْدِ جَعْفَرٍ وَّعَقِيْلٍ

اولادِ جعفرؑ و عقیلؑ کے شہیدوں پر سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ

امام عالی مقام کے ساتھ جو شہید ہوئے

مَّعَهُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

ان تمام مومنوں پر سلام

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) اور آلِ محمد پر رحمت ہو

وَّبَلِّغْھُمْ عَنِّیْ تَحِیَّۃً کَثِیْرَۃً وَّسَلَامًا

ان سب پر میری طرف سے بہت بہت تحیات و سلام ہوں

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَحْسَنَ اللّٰہُ

آپ پر سلام یا رسول اللہ! اللہ آپ کے

لَکَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکَ الْحُسَیْنِ

فرزند حسینؑ کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ یَا فَاطِمَۃُ اَحْسَنَ اللّٰہُ

آپ پر سلام اے فاطمہ زہرا اللہ آپ کے

لَکِ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکِ الْحُسَیْنِ

فرزند حسین کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَحْسَنَ اللّٰہُ

آپ پر سلام اے امیر المومنین اللہ آپ کے

لَکَ الْعَزَآءَ فِیْ وَلَدِکَ الْحُسَیْنِ

فرزند حسین کا غم آپ کے لیے قابلِ برداشت بنائے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَآ اَبَا مُحَمَّدِ نِ الْحَسَنِ اَحْسَنَ اللّٰہُ

آپ پر سلام اے ابو محمد حسن مجتبیٰ اللہ آپ کے

Presented by www.ziaraat.com

لَكَ الْعَزَآءَ فِيْ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ

بھائی حسین کا غم آپ کے لیے قابل برداشت بنائے

يَا مَوْلَايَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللهِ اَنَا ضَيْفُ اللهِ

میرے مولا! اے ابو عبداللہ! میں اللہ کا مہمان

وَضَيْفُكَ وَجَارُ اللهِ وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَيْفٍ

اور آپکا مہمان ہوں میں اللہ کے حضور اور آپ کے حضور میں ہوں اور مہمان

وَّجَارٍ قِرًى وَّقِرَايَ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ

اور حاضر باش کا حق مہمانی ہوتا ہے اور میرا حق مہمانی اس وقت یہ ہے

اَنْ تَسْئَلَ اللهَ سُبْحَانَهٗ اَنْ يَّرْزُقَنِيْ

کہ آپ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے

فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ ط اِنَّهٗ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ

جہنم کی آگ سے آزادی عطا کرے بیشک وہ دُعا کا بہت سننے والا

قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ط

صاحب قرب اور قبول کرنے والا ہے

زندگانی کرو علیؑ کی طرح

جاں سے گزرو حسینؑ کی مانند

(اسرار اعظمی)

Presented by www.ziaraat.com

# نماز آیات

یہ نماز چاند اور سورج کو گرہن لگنے سے یا زلزلہ یا سُرخ آندھی ، شدید تاریکی ، غیر معمولی برق و رعد اور تمام حوادثِ آسمانی سے واجب ہوتی ہے جو عموماً باعثِ خوف ہوں ، خواہ وہ شخص خود نہ ڈرے ۔ چاند گرہن اور سورج گرہن کی نماز کا وقت گرہن کے شروع سے بالکل چھوٹ جانے تک ہے ۔ بلکہ اَحوط یہ ہے کہ اتنی تاخیر نہ کرے کہ چھوٹنا شروع ہو جائے اور زلزلہ اور دیگر آسمانی حوادث جو خوفناک ہوں ان کی نماز آخر عمر تک ادا کرنے کی نیت سے ہوگی ۔

چاند گرہن اور سورج گرہن سے اگر بروقت مُطّلع ہوگیا ہو اور عمداً یا سہواً نماز نہ پڑھی ہو تو اس کی قضا بجا لانا واجب ہوگی ، اگرچہ پورا گرہن نہ ہو ۔ لیکن اگر بالکل چھوٹ جانے تک مطلع نہ ہوا ہو بلکہ بعد میں اطلاع ہوئی تو پورا پورا گرہن ہو تو قضا بجا لانا واجب ہوگی ورنہ قضا نہ ہوگی اور نماز آیات کو جماعت کے ساتھ پڑھنا جائز ہے ۔

یہ نماز دو رکعت ہے ۔ پہلی رکعت میں پانچ رکوع ، دو قنوت اور

Presented by www.ziaraat.com

دو سجدے اور دوسری رکعت میں پانچ رکوع، تین قنوت اور دو سجدے ہیں۔
تفصیل اس کی یوں ہے کہ نماز کی نیت کرے مثلاً سورج گرہن کی نماز پڑھتا/
پڑھتی ہوں اور ساتھ ہی تکبیرۃ الاحرام یعنی اللہ اکبر کہے۔ اس کے بعد سورۃ الحمد
اور ایک دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر
ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورۃ الحمد اور جو سورۃ چاہے پڑھے
اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر دوسرے رکوع میں جائے۔ ذکرِ رکوع
کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورۃ الحمد اور جو سورۃ چاہے پڑھے اور اللہ اکبر
کہہ کر تیسرے رکوع میں جائے۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سورہ
الحمد اور کوئی دوسرا سورہ جو یاد ہو پڑھے اور دعائے قنوت پڑھے اور اللہ اکبر کہہ کر
چوتھے رکوع میں جائے۔ ذکرِ رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور اسی طرح
سورہ الحمد اور دوسرا سورہ پڑھے۔ پھر اللہ اکبر کہہ کر پانچواں رکوع کرے۔ ذکرِ
رکوع کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پھر کھڑا ہو اور سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ
کہہ کر سجدے میں جائے۔ دو سجدے کرنے کے بعد دوسری رکعت کے لئے اُٹھ
کھڑا ہو اور اسی طریق میں دوسری رکعت پانچ رکوعات کے ساتھ بجا لائے

Presented by www.ziaraat.com

اور سجدے اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔ دوسری رکعت میں پہلے رکوع میں جانے سے پہلے، تیسرے رکوع میں جانے سے پہلے اور پانچویں رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت پڑھے۔ اس حساب سے دونوں رکعتوں میں دس رکوع ہو جائیں گے۔ نمازِ آیات کی یہ صورت دوسری صورتوں سے افضل ہے۔

ایک اور طریق سے بھی نمازِ آیات پڑھنا جائز ہے اور وہ یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ کے قصد سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کہے اور سجدع میں جلائے۔ ذکرِ رکوع کرے پھر سیدھا کھڑا ہو کر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کہہ کر رکوع میں جائے۔ پھر کھڑے ہو کر اَللّٰهُ الصَّمَدُ کہے اور رکوع میں جائے۔ پھر کھڑا ہو کر لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ کہے اور رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑا ہو کر وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط کہہ کر رکوع میں جائے۔ پھر سیدھا کھڑے ہو کر سجدے میں جائے۔ دونوں سجدے بجا لاکر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے۔ اسی طریق سے دوسری رکعت بجا لائے اور تشہد اور سلام پڑھ کر نماز تمام کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

# نماز حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

روایت میں ہے کہ جو شخص اس نماز کو بجا لائے اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں، وہ جو بھی حاجت طلب کرے وہ روا ہوگی۔ یہ نماز دو رکعت ہے۔ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد اور سورۃ القدر سو مرتبہ، پھر رکوع میں سورہ القدر پندرہ مرتبہ، پھر رکوع سے سر اٹھانے کے بعد پندرہ مرتبہ، پھر سجدۂ اوّل میں پندرہ مرتبہ، پھر سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد پندرہ مرتبہ، پھر سجدۂ دوم میں پندرہ مرتبہ پڑھے۔ اسی ترکیب سے دوسری رکعت بجا لاکر تشہد وسلام پڑھ کر نماز ختم کرے اور یہ دُعا پڑھے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّنَا وَرَبُّ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ کے جو ہمارا اور ہمارے پہلے آباء کا پروردگار ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِلٰھًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَہٗ مُسْلِمُوْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ معبودِ واحد کے اور ہم اسے تسلیم کرنے والے ہیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ مُخْلِصِیْنَ

نہیں لائق عبادت سوائے اللہ کے ہم اسی کی خاص عبادت کرتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا |
| وہی مالک جزا ہے اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہو نہیں لائق عبادت سوائے |
| اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ |
| اللہ ایک کے، وہ ذات یکتا جس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندے کی مدد کی |
| وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ. فَلَهُ |
| اپنے لشکر کو غلبہ عطا کیا اور گروہوں کو اکیلے شکست دی اسی کی |
| الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ |
| حکمرانی ہے اور اسی کے لیے ہر خوبی ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے |
| اَللّٰهُمَّ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ |
| اے اللہ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کو منور کرنیوالے |
| فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ |
| تیرے لیے ہر خوبی ہے تو برحق ہے تیرا وعدہ برحق ہے تیرا فرمان |
| الْحَقُّ وَاِنْجَازُكَ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ |
| برحق ہے جنت برحق ہے اور جہنم برحق ہے |
| اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ |
| اے اللہ میں نے تجھے تسلیم کیا تجھ پر ایمان لایا تجھ پر میں نے بھروسہ کیا |
| وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ يَا رَبِّ |
| تیرے لیے دشمنی کی اور تجھے حاکم تسلیم کیا اے پروردگار |

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| یَا رَبِّ یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ |
| اے پالنے والے اے اللہ میرے اگلے پچھلے |
| وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِیْ لَآ اِلٰهَ |
| ظاہر و پوشیدہ سب گناہ مجھے معاف کر دے تو میرا معبود ہے لائق عبادت |
| اِلَّآ اَنْتَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ |
| سوائے تیرے کوئی نہیں محمد و آلِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر رحمتِ کاملہ فرما |
| وَّاغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ |
| اور مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھ پر نظرِ کرم فرما۔ بیشک تو |
| التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ |
| بہت توبہ قبول کرنیوالا رحم کرنے والا ہے |

## حضرت علیؑ نے فرمایا

"طلوعِ فجر سے لے کر طلوعِ شمس تک مسجد میں بیٹھ کر اللہ سبحانہٗ کا ذکر کرنا رزق کی فراہمی کے لیے زمین کے اطراف میں گردش کرنے سے زیادہ تیز تر ہے۔"

Presented by www.ziaraat.com

# نماز حضرت جعفر طیارؑ علیہ السلام

یہ نماز اکسیرِ اعظم اور کبریتِ احمر کا حکم رکھتی ہے اور کثیر و معتبر روایات سے اس کی بے حد فضیلت و عظمت بیان ہوئی ہے۔ آئمہ معصومین علیہم السلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس نماز کو بجالائے خداوندِ عالم اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ اس نماز کے بجالانے کا افضل وقت روز جمعۃ المبارک ہے۔

یہ نماز چار رکعت بہ دو سلام ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورہ الزلزال

## سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ وَاَخْرَجَتِ

جبکہ زمین سخت زلزلے سے ہلائی جائے گی اور زمین

الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۙ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۚ

اپنے بوجھ نکال دے گی اور انسان کہے گا کہ اسے کیا ہو گیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى

اس دن وہ اپنی خبریں بیان کرے گی کیونکہ تیرے پروردگار نے اسے

لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۵

حکم دیا ہوگا اس دن لوگ جُدا جُدا ہوکر (قبروں سے) نکل پڑیں گے

لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

تاکہ انھیں ان کے اعمال دکھادیے جائیں پس جو کوئی ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا

خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

وہ اسے دیکھ لے گا اور جو کوئی ذرہ بھر برائی کرے گا

شَرًّا يَّرَهٗ ۝ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۃ العادیات

وہ اسے دیکھ لے گا

# سُوْرَةُ الْعَادِيَاتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ رحمن و رحیم کے نام سے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝

قسم ہے تیز دوڑنے والے ہانپتے ہوئے گھوڑوں کی پھر پتھر پر سُم مار کر چنگاریاں نکالنے والوں کی

فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝

پھر صبح کے وقت غارت کرنے والوں کی پس انھوں نے اسکے ساتھ غبار اُٹھایا

Presented by www.ziaraat.com

فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

پھر انھوں نے (کافروں کے) ایک گروہ کو درمیان میں لے لیا یقیناً انسان اپنے رب کے لیے

اور دوستوں کے اے بہترین صحبت رکھنے والوں اور ہم نشینوں کے اے بہترین

مَقْصُوْدٍ وَّ مَطْلُوْبٍ یَا خَیْرَ حَبِیْبٍ وَّ مَحْبُوْبٍ

مقصود و مطلوب کے اے بہترین دوستوں اور محبوبوں کے

(۹۶) یَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ مُجِیْبٌ یَا مَنْ هُوَ

اے وہ خدا جو دعا کرنے والوں کی دعا قبول کرنے والا ہے اے وہ خدا جو

لِمَنْ اَطَاعَهُ حَبِیْبٌ یَا مَنْ هُوَ اِلٰی مَنْ

فرماں برداروں کا دوست ہے اے وہ خدا جو اپنے

اَحَبَّهُ قَرِیْبٌ یَا مَنْ هُوَ بِمَنِ اسْتَحْفَظَهُ رَقِیْبٌ

دوستوں کے نزدیک ہے اے وہ خدا جو حفاظت کرنے والوں کا نگہدار ہے

یَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَّجَاهُ کَرِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ بِمَنْ

اے وہ خدا جو امیدواروں کے لیے کریم ہے اے وہ خدا جو

عَصَاهُ حَلِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ عَظَمَتِهٖ رَحِیْمٌ

گنہ گاروں کے لیے بردبار ہے اے وہ خدا جو باوجود اپنی بزرگی کے مہربان ہے

یَا مَنْ هُوَ فِیْ حِکْمَتِهٖ عَظِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ

اے وہ خدا جو حکمت کی رو سے بزرگ ہے اے وہ خدا

اِحْسَانِهٖ قَدِیْمٌ یَا مَنْ هُوَ بِمَنْ اَرَادَهُ عَلِیْمٌ

جس کا احسان قدیم ہے اے وہ خدا جو ان لوگوں سے آگاہ ہے جو اس کی معرفت کا قصد رکھتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

(۹۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُسَبِّبُ

اے خدا میں تجھ سے تیرے ہی نام پر بھیک مانگتا ہوں اے سبب پیدا کرنیوالے

يَا مُرَغِّبُ يَا مُقَلِّبُ يَا مُعَقِّبُ يَا مُرَتِّبُ

اے رغبت دینے والے اے دلوں کو پھیرنے والے اے عذاب کرنیوالے اے ترتیب دینے والے

يَا مُخَوِّفُ يَا مُحَذِّرُ يَا مُذَكِّرُ يَا مُسَخِّرُ يَا مُغَيِّرُ

اے ڈرانے والے اے بچانے والے اے یاد دلانے والے اے مطیع کرنیوالے اے تبدیل کرنیوالے

(۹۸) يَا مَنْ عِلْمُهٗ سَابِقٌ يَا مَنْ وَّعْدُهٗ صَادِقٌ

اے وہ خدا جو ابتدا سے عالم ہے اے وہ خدا جو وعدہ کا سچا ہے

يَا مَنْ لُّطْفُهٗ ظَاهِرٌ يَا مَنْ اَمْرُهٗ غَالِبٌ

اے وہ خدا جس کی مہربانی ظاہر ہے اے وہ خدا جس کا فرمان غالب ہے

يَا مَنْ كِتَابُهٗ مُحْكَمٌ يَا مَنْ قَضَاۤءُهٗ كَاۤئِنٌ

اے وہ خدا کتاب جس کی محکم ہے اے وہ خدا جس کا حکم ہو کے رہتا ہے

يَا مَنْ قُرْاٰنُهٗ مَجِيْدٌ يَا مَنْ مُّلْكُهٗ قَدِيْمٌ

اے وہ خدا جس کا قرآن بزرگ ہے اے وہ خدا جس کی بادشاہی قدیم ہے

يَا مَنْ فَضْلُهٗ عَمِيْمٌ يَا مَنْ عَرْشُهٗ عَظِيْمٌ

اے وہ خدا فضل جس کا عام ہے اے وہ خدا عرش جس کا عظیم ہے

(۹۹) يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهٗ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ

اے وہ خدا کہ جس کو کوئی چیز سننا مشغول نہیں کرتا

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَنْ لَا يَمْنَعُهُ فِعْلٌ عَنْ فِعْلٍ

اے وہ خدا کہ جس کو ایک فعل دوسرے سے باز نہیں رکھتا

يَا مَنْ لَا يُلْهِيهِ قَوْلٌ عَنْ قَوْلٍ يَا مَنْ

اے وہ خدا کہ جس کو ایک قول دوسرے قول سے غافل نہیں رکھتا اے وہ خدا

لَا يُغَلِّطُهُ سُؤَالٌ عَنْ سُؤَالٍ يَا مَنْ لَا

کہ جس کو ایک سوال دوسرے سوال سے نہیں بھلاتا اے وہ خدا کہ جس کو

يَحْجُبُهُ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ يَا مَنْ لَا يُبْرِمُهُ

ایک چیز دوسری چیز کے دیکھنے سے مانع نہیں ہوتی اے وہ خدا کہ جس کو رونے

إِلْحَاحُ الْمُلِحِّينَ يَا مَنْ هُوَ غَايَةُ مُرَادِ

والوں کی گریہ وزاری عاجز نہیں کرتی اے وہ خدا کہ جو دوستوں کی مراد کا

الْمُرِيدِينَ يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى هِمَمِ الْعَارِفِينَ

انتہا ہے اے وہ خدا کہ جو عارفوں کی ہمتوں کا مقصود ہے

يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى طَلَبِ الطَّالِبِينَ

اے وہ خدا کہ جو اپنے چاہنے والوں کی چاہت کا مرکز ہے

يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ ذَرَّةٌ فِي الْعٰلَمِينَ

اے وہ خدا کہ جس سے عالمین کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں

(۱۰۰) يَا حَلِيمًا لَا يَعْجَلُ يَا جَوَادًا لَا يَبْخَلُ

اے وہ بردبار جو جلدی نہیں کرتا اے صاحب بخشش جو بخل نہیں کرتا

Presented by www.ziaraat.com

يَا صَادِقاً لَا يُخْلِفُ يَا وَهَّاباً لَا يَمَلُّ

اے وہ سچے جو وعدہ خلافی نہیں کرتا اے وہ بخشنے والے جو ملال نہیں رکھتا

يَا قَاهِراً لَا يُغْلَبُ يَا عَظِيماً لَا يُوصَفُ

اے وہ زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا اے وہ بزرگ جو صفت میں نہیں آسکتا

يَا عَدْلاً لَا يَحِيفُ يَا غَنِيّاً لَا يَفْتَقِرُ

اے وہ عادل جو ظلم نہیں کرتا اے وہ تونگر جو محتاج نہیں ہوتا

يَا كَبِيراً لَا يَصْغُرُ يَا حَافِظاً لَا يَغْفُلُ

اے وہ بزرگ جو چھوٹا نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو غافل نہیں ہوتا

سُبْحٰنَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ

پاک ہے تو اے وہ خدا کہ جس کے سوا کوئی خدا نہیں فریاد ہے فریاد ہے

خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ

ہم سب کو عذاب دوزخ سے نجات دے اے پالنے والے اے پالنہار اے پروردگار میرے

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے وسعتِ رزق

اگر کوئی صبح شام تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے گا تو اس کی برکت سے سات پشت تک محتاج نہ ہوگا۔

یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ

اے اللہ ۔ اے میرے پالنے والے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے وہ ذات کہ جو ہمیشہ زندہ اور قائم و دائم ہے ۔ اے صاحبِ عظمت و جلالت

اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ

میں تیرے اسمِ اعظم کے واسطہ سے تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ

تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِکَ

مجھ کو اپنی رحمت سے ایسی روزی وسیع عنایت کر جو حلال اور پاک و پاکیزہ ہو

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

اے رحم کرنے والوں سے زائد رحم کرنے والے

والدین کی اطاعت واجب ہے

عجز و انکساری میں ہی عزّت ہے

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے توسّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ

یا اللہ! میں تجھ سے سوال اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی،

نَبِيِّ الرَّحْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

رحمت والے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے

يَآ اَبَا الْقَاسِمِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَآ اِمَامَ الرَّحْمَةِ

اے ابوالقاسم! یا رسول اللہ! اے رحمتوں کے امام!

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

کی درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

يَآ اَبَا الْحَسَنِ يَآ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا عَلِيُّ

اے ابوالحسن یا امیر المؤمنین اے علی

Presented by www.ziaraat.com

ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

ابن ابی طالب اے دُنیا پر اللہ کی حجت

یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَیْنَ یَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

کی درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَا فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ یَا بِنْتَ مُحَمَّدٍ یَا قُرَّةَ عَیْنِ الرَّسُوْلِ

اے فاطمہ زہرا! اے محمدؐ کی صاحبزادی اے رسول کی آنکھوں کی ٹھنڈک

یَا سَیِّدَتَنَا وَمَوْلَاتَنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہماری سردار و مخدومہ! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكِ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكِ بَیْنَ یَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهَةً عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعِیْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَا اَبَا مُحَمَّدٍ یَا حَسَنَ ابْنَ عَلِیٍّ اَیُّهَا الْمُجْتَبٰی

اے ابو محمد! اے حسن بن علی! اے مجتبیٰ!

Presented by www.ziaraat.com

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا حُسَيْنَ ابْنَ عَلِيٍّ

اے ابو عبداللہ اے حسین بن علی

اَيُّهَا الشَّهِيْدُ الْمَظْلُوْمُ

اے شہیدِ مظلوم

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

Presented by www.ziaraat.com

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

یَا اَبَا مُحَمَّدٍ یَا عَلِیَّ ابْنَ الْحُسَیْنِ

اے ابو محمد اے علی بن حسین!

یَا زَیْنَ الْعَابِدِیْنَ اَیُّهَا السَّجَّادُ

اے زین العابدین اے سجاد

یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ یَا حُجَّةَ اللهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ! اے دنیا پر اللہ کی حجت

یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَیْنَ یَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

یَا اَبَا جَعْفَرٍ یَا مُحَمَّدَ ابْنَ عَلِیٍّ اَیُّهَا الْبَاقِرُ

اے ابو جعفر! اے محمد بن علی اے باقر

یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ یَا حُجَّةَ اللهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

Presented by www.ziaraat.com

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا جَعْفَرَ ابْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الصَّادِقُ

اے ابو عبد اللہ اے جعفر بن محمد اے صادق

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهِ

اے فرزندِ رسول اللہ! اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَا اَبَا اِبْرَاهِيْمَ يَا مُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ

اے ابو ابراہیم اے موسٰی بن جعفر

Presented by www.ziaraat.com

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت! اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَآ اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ ابْنَ مُوْسَى الرِّضَا

اے ابو الحسن اے علی بن موسیٰ رضا

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

Presented by www.ziaraat.com

يَآ اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ ابْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا الْجَوَادُ

اے ابوجعفر اے محمد بن علی جواد (تقی)

يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناکر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کرکے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

يَآ اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ ابْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الْهَادِىْ

اے ابوالحسن علی بن محمد ہادی تقی

النَّقِيُّ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَآ اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلبگار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناکر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کرکے اللہ سے سفارش کی

Presented by www.ziaraat.com

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

یَا اَبَا مُحَمَّدٍ یَا حَسَنَ ابْنَ عَلِیٍّ اَیُّهَا الْعَسْکَرِیُّ

اے ابو محمد اے حسن بن علی اے عسکری

یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی حجت

یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اے ہمارے سیّد و مولا ہم آپ کی طرف متوجہ، آپ کی شفاعت کے طلب گار

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَیْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے

یَا وَصِیَّ الْحَسَنِ الْخَلَفُ الصَّالِحُ الْحُجَّةُ اَیُّهَا

اے حسن (عسکری) کے وصی اور صالح خلف ، حجت ، اے

الْقَآئِمُ الْمُنْتَظَرُ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ

قائم منتظر (وہ زندہ جن کا انتظار آمد ہے) اے فرزندِ رسول اللہ اے دنیا پر اللہ کی

عَلٰی خَلْقِهٖ یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

حجت اے ہمارے سید و مولا! ہم آپ کی طرف متوجہ ۔ آپ کی شفاعت کے طلب گار

Presented by www.ziaraat.com

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

اور آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بنا کر اور آپ کو اپنی حاجتوں کے آگے پیش کر کے اللہ سے سفارش کی

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

درخواست کرتے ہیں اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ سے ہماری سفارش فرمائیے!

پھر اپنی حاجتیں بیان کرے - ان شاء اللہ پوری ہونگی

ایک اور روایت میں ہے کہ دُعا مانگنے کے بعد یہ پڑھے -

يَا سَادَاتِيْ وَمَوَالِيَّ

اے میرے سردارو ، میرے آقاؤ

اِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكُمْ اَئِمَّتِيْ وَعُدَّتِيْ لِيَوْمِ

میں آپ کی طرف متوجہ ہوں آپ میرے امام، آپ میری محتاجی اور میری مسکینی ،

فَقْرِيْ وَفَاقَتِيْ وَحَاجَتِيْ اِلَى اللّٰهِ

میری حاجتوں کو اللہ کے حضور میں پیش کرنے کا ذخیرہ ہیں

وَتَوَسَّلْتُ بِكُمْ اِلَى اللّٰهِ وَاسْتَشْفَعْتُ بِكُمْ اِلَى

میں آپ کو اللہ کے حضور میں وسیلہ بناتا ، آپ سے اللہ کی بارگاہ میں شفاعت

اللّٰهِ فَاشْفَعُوْا لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ وَاسْتَنْقِذُوْنِيْ مِنْ

کا طلب گار ہوں ، اللہ سے میری سفارش کیجئے ، اللہ کی بارگاہ میں مجھے

ذُنُوْبِيْ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنَّكُمْ وَسِيْلَتِيْ اِلَى اللّٰهِ

گناہوں سے بچائیے آپ اللہ کے دربار میں میرا وسیلہ ہیں

وَبِحُبِّكُمْ وَبِقُرْبِكُمْ اَرْجُوْ نَجَاةً مِّنَ اللّٰهِ

آپ کی محبت اور آپ کے تقرب کی وجہ سے مجھے اللہ کی عدالت سے معافی کی امید ہے

Presented by www.ziaraat.com

فَكُونُوا عِنْدَ اللهِ رَجَائِيْ يَا سَادَاتِيْ يَا أَوْلِيَآءَ اللهِ

پس اللہ کی بارگاہ میں میری امید بن جاؤ اے میرے سردارو اے اولیاء اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ

اللہ تعالیٰ نے رحمت نازل فرمائی ان سب پر

وَلَعَنَ اللهُ أَعْدَآءَ اللهِ ظَالِمِيْهِمْ مِّنَ

اور اللہ کے دشمنوں اور ان پر ظلم کرنے والوں پر اللہ نے لعنت کی

الْأَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

(اوّل و آخر سب پر) اے جہانوں کے پروردگار! دعا قبول فرما

# دُعائے عدیلہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

شَهِدَ اللهُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

اللہ گواہ ہے کہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتے

وَأُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

اور اہل علم (بھی گواہ ہیں) قائم ہیں حق کے ساتھ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللهِ الْإِسْلَامُ

وہ صاحب قدرت و حکمت ہے بیشک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہی ہے

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| وَاَنَا الْعَبْدُ الضَّعِيفُ الذَّلِيلُ الْمُذْنِبُ |
| اور میں ایک کمزور بندہ ذلیل گناہ گار |
| الْعَاصِي الْحَقِيرُ الْمُحْتَاجُ الْفَقِيرُ اَشْهَدُ |
| خطا کار حقیر محتاج فقیر میں اپنے |
| لِمُنْعِمِي وَخَالِقِي وَرَازِقِي وَمُكْرِمِي |
| انعام دینے والے پیدا کرنے والے روزی دینے والے اور عزت دینے والے کا اس طرح |
| كَمَا شَهِدَ لِذَاتِهِ وَشَهِدَتْ لَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ |
| گواہ ہوں جیسے اس نے خود اپنی ذات کی گواہی دی اور اور فرشتوں نے اور اس کے |
| وَاُولُوا الْعِلْمِ مِنْ عِبَادِهِ بِاَنَّهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ |
| بندوں میں سے صاحبانِ علم نے گواہی دی ہے کہ بلا شبہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں |
| ذُو النِّعَمِ وَالْاِحْسَانِ وَالْكَرَمِ وَالْاِمْتِنَانِ |
| نعمتوں والا احسان والا ہر مہربانی والا عنایت والا |
| قَادِرٌ اَزَلِيٌّ عَالِمٌ اَبَدِيٌّ حَيٌّ اَحَدِيٌّ |
| قادرِ ازلی عالمِ ابدی زندہ یکتا |
| مَوْجُودٌ سَرْمَدِيٌّ سَمِيعٌ بَصِيرٌ مُرِيدٌ |
| موجود ہمیشہ رہنے والا سننے والا دیکھنے والا صاحبِ ارادہ |
| كَارِهٌ مُدْرِكٌ صَمَدِيٌّ يَسْتَحِقُّ هٰذِهِ |
| بُرے اعمال کو ناپسند کرنے والا، ہر چیز کو سمجھنے والا، بے نیاز ہے وہ ان (تمام) صفتوں کا اہل |

Presented by www.ziaraat.com

الصِّفَاتِ وَهُوَ عَلٰى مَا هُوَ عَلَيْهِ فِيْ عِزِّ صِفَاتِهٖ

اور وہ تمام صفتوں کی بہتر سے بہتر حقیقت کا مالک ہے

كَانَ قَوِيًّا قَبْلَ وُجُوْدِ الْقُوَّةِ وَالْقُدْرَةِ

وہ جو قوت اور قدرت کے وجود سے پہلے قوی (اور قادر) تھا

وَكَانَ عَلِيْمًا قَبْلَ اِيْجَادِ الْعِلْمِ وَالْعِلَّةِ

وہ علم اور علت کی ایجاد سے پہلے علم (اور علت) کا مالک تھا

لَمْ يَزَلْ سُلْطَانًا اِذْ لَا مَمْلَكَةَ وَلَا مَالَ

اس کی سلطانی دولت و مملکت کی محتاج نہیں

لَمْ يَزَلْ سُبْحَانًا عَلٰى جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ

وہ ذات پاک تمام حالتوں پر ہمیشہ سے غالب ہے

وَجُوْدُهٗ قَبْلَ الْقَبْلِ فِيْ اَزَلِ الْاٰزَالِ

اس کا وجود مسعود ازلِ آزال اور "پہلے" سے بھی پہلے سے ہے

وَبَقَآؤُهٗ بَعْدَ الْبَعْدِ مِنْ غَيْرِ انْتِقَالٍ وَّلَا زَوَالٍ

اور اس کا بقاء "بعد" کے بعد بھی ہے نہ وہ جگہ بدلتا ہے نہ اسے زوال ہے

غَنِيٌّ فِي الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ مُسْتَغْنٍ فِي الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ

وہ ابتدا اور انتہا میں بے نیاز ہے، ظاہر و باطن میں بے نیاز ہے

لَا جَوْرَ فِيْ قَضِيَّتِهٖ وَلَا مَيْلَ فِيْ مَشِيَّتِهٖ

نہ اس کے فیصلے میں زیادتی، نہ اس کی مشیت میں کسی کی طرفداری

Presented by www.ziaraat.com

لَا ظُلْمَ فِی تَقْدِیْرِہٖ وَلَا مَهْرَبَ مِنْ حُكُوْمَتِهٖ

نہ اس کے اندازوں میں ظلم ہے ، نہ اس کی حکومت سے بھاگنے کا کوئی ٹھکانا

وَلَا مَلْجَأَ مِنْ سَطَوَاتِهٖ وَلَا مَنْجَأَ مِنْ نَّقِمَاتِهٖ

نہ اس کی گرفت سے چھپنے کی کوئی جگہ ، نہ اس کے غضب سے بچنے کی کوئی جگہ

سَبَقَتْ رَحْمَتُهٗ غَضَبَهٗ وَلَا يَفُوْتُهٗ اَحَدٌ اِذَا طَلَبَهٗ

اس کی رحمت اسکے غضب سے آگے (بڑھ گئی) ہے ، وہ کسی کو طلب کرے تو وہ بھاگ کر نکل نہیں سکتا

اَزَاحَ الْعِلَلَ فِی التَّكْلِيْفِ وَسَوَّى التَّوْفِيْقَ

اس نے انسان کو احکام کا پابند کیا تو مشکلات دور کر کے بے عزت (کمزور) اور

بَيْنَ الضَّعِيْفِ وَالشَّرِيْفِ مَكَّنَ اَدَاۤءَ الْمَاْمُوْرِ

عزت دار لوگوں میں اپنی توفیق برابر تقسیم کی ، احکام کی ادائیگی کو ممکن بنایا

وَسَهَّلَ سَبِيْلَ اجْتِنَابِ الْمَحْظُوْرِ

حرامکاریوں سے بچنے کا راستہ آسان فرمایا

لَمْ يُكَلِّفِ الطَّاعَةَ اِلَّا دُوْنَ الْوُسْعِ وَالطَّاقَةِ

طاقت اور قدرت سے کم درجے کی اطاعت کی تکلیف دی

سُبْحٰنَهٗ مَاۤ اَبْيَنَ كَرَمَهٗ وَاَعْلٰى شَانَهٗ

وہ ذات پاک ہے اسکا کرم کس قدر واضح اور اس کی شان کتنی بلند ہے

سُبْحٰنَهٗ مَاۤ اَجَلَّ نَيْلَهٗ وَاَعْظَمَ اِحْسَانَهٗ

وہ ذات پاک ہے اس کی عطا کتنی پر جلالت اور اس کا احسان کتنا پر عظمت ہے

Presented by www.ziaraat.com

بَعَثَ الْاَنْبِيَآءَ لِيُبَيِّنَ عَدْلَهٗ وَنَصَبَ الْاَوْصِيَآءَ

اس نے نبی بھیجے تاکہ اس کا عدل ثابت ہو ، نبی کے وصی (امام) معیّن کیے کہ

لِيُظْهِرَ طَوْلَهٗ وَفَضْلَهٗ وَجَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ

اس کا احسان ظاہر ہو اور ہمیں

سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ وَخَيْرِ الْاَوْلِيَآءِ وَاَفْضَلِ الْاَصْفِيَآءِ

نبیوں کے سردار ولیوں کے مختار منتخب لوگوں میں افضل

وَاَعْلَى الْاَزْكِيَآءِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

پاک لوگوں میں بلند مرتبہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں پیدا کیا

اٰمَنَّا بِهٖ وَبِمَا دَعَانَا اِلَيْهِ وَبِالْقُرْاٰنِ الَّذِيْ

ہم آپؐ پر، جس بات کی طرف آپؐ نے بلایا اس پر اور خدا کی طرف سے آپؐ پر نازل

اَنْزَلَهٗ اِلَيْهِ وَبِوَصِيِّهِ الَّذِيْ نَصَبَهٗ يَوْمَ

کردہ قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور اس وصی پر (ایمان رکھتے ہیں) جسے غدیر کے دن

الْغَدِيْرِ وَاَشَارَ بِقَوْلِهٖ هٰذَا عَلِيٌّ اِلَيْهِ

مقرر کیا اور "یہ علیؑ ہیں" کہہ کر ان کی طرف اشارہ کیا

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ الْاَبْرَارَ وَالْخُلَفَآءَ الْاَخْيَارَ

میں اقرار کرتا ہوں کہ پاک امام اور نیک عمل خلیفہ

بَعْدَ الرَّسُوْلِ الْمُخْتَارِ عَلِيٌّ قَامِعُ الْكُفَّارِ

رسولِ مختار کے بعد علیؑ ہیں جو کافروں کا قلع قمع کرنے والے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

وَمِنْ بَعْدِہٖ سَیِّدُ اَوْلَادِہِ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِیٍّ

اور ان کے بعد ان کی اولاد کے سردار حسنؑ ابن علیؑ

ثُمَّ اَخُوْہُ السِّبْطُ التَّابِعُ لِمَرْضَاتِ اللّٰہِ الْحُسَیْنُ

پھر ان کے بھائی، رضائے الہٰی کے پابند، حضرت سبط امام حسینؑ

ثُمَّ الْعَابِدُ عَلِیٌّ ثُمَّ الْبَاقِرُ مُحَمَّدٌ

پھر حضرت عابد علیؑ پھر امام محمد باقرؑ

ثُمَّ الصَّادِقُ جَعْفَرٌ ثُمَّ الْکَاظِمُ مُوْسٰی

پھر امام جعفر صادقؑ پھر حضرت موسیٰ کاظمؑ

ثُمَّ الرِّضَا عَلِیٌّ ثُمَّ التَّقِیُّ مُحَمَّدٌ

پھر حضرت رضا علیؑ ان کے بعد حضرت تقی محمدؑ

ثُمَّ النَّقِیُّ عَلِیٌّ ثُمَّ الزَّکِیُّ الْعَسْکَرِیُّ الْحَسَنُ

پھر حضرت نقی علیؑ پھر حضرت زکی عسکری حسنؑ

ثُمَّ الْحُجَّۃُ الْخَلَفُ الْقَآئِمُ الْمُنْتَظَرُ الْمَھْدِیُّ

ان کے بعد حضرت حجّت الخلف، القائم، المنتظر، المہدی امام ہیں

الْمُرْجَی الَّذِیْ بِبَقَآئِہٖ بَقِیَتِ الدُّنْیَا وَبِیُمْنِہٖ

جن کی امید اور جن کی ذات سے دنیا کا وجود وابستہ ہے۔ جن کی برکت سے

رُزِقَ الْوَرٰی وَبِوُجُوْدِہٖ ثَبَتَتِ الْاَرْضُ وَالسَّمَآءُ

دنیا کو روزی ملتی ہے، جن کے وجود سے زمین و آسمان قائم ہے

Presented by www.ziaraat.com

وَبِہٖ يَمْلَاءُ اللّٰهُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا
اور انہی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا

بَعْدَ مَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا وَّاَشْهَدُ اَنَّ
جب وہ ظلم و ستم سے لبریز ہو چکی ہوگی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ

اَقْوَالَهُمْ حُجَّةٌ وَّامْتِثَالَهُمْ فَرِيْضَةٌ وَّ
ان حضرات کے فرمان بلاشبہ حجت ہیں جن کی تعمیل فرض ہے

طَاعَتَهُمْ مَّفْرُوْضَةٌ وَّمَوَدَّتَهُمْ لَازِمَةٌ مَّقْضِيَّةٌ
جن کی اطاعت واجب اور جن کی محبت لازمی اور حتمی ہے

وَالْاِقْتِدَآءَ بِهِمْ مُنْجِيَةٌ وَّمُخَالَفَتَهُمْ مُّرْدِيَةٌ
ان حضرات کی پیروی باعثِ نجات اور ان کی مخالفت ہلاکت کا سبب ہے

وَهُمْ سَادَاتُ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَجْمَعِيْنَ
یہ حضرات تمام اہلِ جنت کے سردار ہیں

وَشُفَعَاءُ يَوْمِ الدِّيْنِ وَاَئِمَّةُ اَهْلِ الْاَرْضِ
اور قیامت کے دن شفاعت کرنے والے ہیں اور یقینی طور پہ اہل زمین کے امام

عَلَى الْيَقِيْنِ وَاَفْضَلُ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ
اور پسندیدہ اولیاء ہیں، سب سے بہتر ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَّالْقَبْرَ حَقٌّ
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ موت برحق ہے اور قبر (میں جانا) حق ہے

Presented by www.ziaraat.com

وَسُؤَالُ مُنْكَرٍ وَّنَكِيرٍ فِي الْقَبْرِ حَقٌّ

اور قبر میں منکر نکیر کے سوال جواب حق ،

وَالْبَعْثُ حَقٌّ وَّالنُّشُورُ حَقٌّ وَّالصِّرَاطُ حَقٌّ

دوبارہ جی اٹھنا حق ہے ، میدانِ حشر میں سب کا جمع ہونا حق ہے ، پل صراط ہے

وَالْمِيزَانُ حَقٌّ وَّالْكِتٰبُ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ

میزان حق ہے ، حساب کتاب حق ہے جنت حق ہے

وَالنَّارُ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ

جہنم حق ہے ساعتِ قیامت آئے گی اس میں شک شبہ کی

فِيهَا وَأَنَّ اللهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ

گنجائش نہیں اور یقیناً اللہ قبر والوں کو اٹھائے گا

اَللّٰهُمَّ فَضْلُكَ رَجَائِي وَكَرَمُكَ وَرَحْمَتُكَ

یا اللہ ! مجھے تیرے فضل و کرم کا آسرا ہے تیری رحمت

وَعَفْوُكَ أَمَلِي لَا عَمَلَ لِي أَسْتَحِقُّ بِهِ الْجَنَّةَ

اور معافی کی امید ہے میرا کوئی عمل ایسا نہیں جسکی بنا پر جنت کا حقدار ٹھہروں

وَلَا طَاعَةَ لِي أَسْتَوْجِبُ بِهِ الرِّضْوَانَ

نہ اپنی اطاعت گزاری ایسی جس کی وجہ سے رضائے الٰہی کا مستحق بنوں

إِلَّا أَنِّي اعْتَقَدْتُ تَوْحِيدَكَ وَعَدْلَكَ

سوائے اس کے کہ میں تیری توحید و عدل کا اعتقاد رکھتا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

وَارْتَجَیْتُ اِحْسَانَكَ وَفَضْلَكَ وَتَشَفَّعْتُ اِلَیْكَ

میں تیرے فضل و احسان کا امیدوار ہوں اور تیرے نبیؐ اور ان کی آلؑ

بِالنَّبِیِّ وَاٰلِهٖ مِنْ اَحِبَّتِكَ وَاَنْتَ اَكْرَمُ

کی شفاعت کا وسیلہ رکھتا ہوں جو تجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں اور تو خود عزت والوں سے بہت

الْاَكْرَمِیْنَ وَاَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی

زیادہ عزت والا اور رحم کرنے والوں سے بڑا رحم کرنے والا ہے اور اللہ نے رحمت فرمائی

نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

ہمارے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کے تمام طیب و طاہر اہل بیت پر

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

کوئی قوت و طاقت نہیں ہے مگر خدائے بزرگ و برتر کے لیے

اَللّٰهُمَّ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اِنِّیْٓ اَوْدَعْتُكَ یَقِیْنِیْ

یا اللہ ! اے ارحم الراحمین میں اپنا بیان کردہ عقیدہ تیری امانت میں دیتا

هٰذَا وَثَبَاتَ دِیْنِیْ وَاَنْتَ خَیْرُ مُسْتَوْدَعٍ وَقَدْ

ہوں تو امانت داری کا سب سے زیادہ اہل ہے تو نے ہمیں

اَمَرْتَنَا بِحِفْظِ الْوَدَآئِعِ فَرُدَّهٗ عَلَیَّ وَقْتَ حُضُوْرِ

حکم دیا ہے کہ امانتوں کو محفوظ رکھیں ۔ پس میری امانت موت کے وقت مجھے واپس

مَوْتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

کر دینا تجھے تیری رحمت کا واسطہ اے ارحم الراحمین

Presented by www.ziaraat.com

# دعائے "یا من تحل"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

يَا مَنْ تُحَلُّ بِهِ عُقَدُ الْمَكَارِهِ

اے وہ جس کی مدد سے مشکلوں کی الجھنوں پر قابو حاصل ہو جاتا ہے

وَيَا مَنْ يُفْثَأُ بِهِ حَدُّ الشَّدَآئِدِ

اور اے وہ جس سے سختیوں کی باڑھ کند ہو جاتی ہے

وَيَا مَنْ يُلْتَمَسُ مِنْهُ الْمَخْرَجُ اِلٰى رَوْحِ الْفَرَجِ

اور اے وہ جس سے زحمتوں کی تنگیوں سے وسعتوں کے سکون میں آنے کی التجا کی جاتی ہے

ذَلَّتْ لِقُدْرَتِكَ الصِّعَابُ وَتَسَبَّبَتْ بِلُطْفِكَ

تیری قدرت کے آگے مشکلیں آسان۔ اور تیری ہی مہربانیوں کی وجہ سے اسباب پیدا

الْاَسْبَابُ وَجَرٰى بِقُدْرَتِكَ الْقَضَآءُ

ہوتے ہیں تیری قدرت سے "قضا" (قطعی فیصلے) جاری ہوئے

وَمَضَتْ عَلٰى اِرَادَتِكَ الْاَشْيَآءُ فَهِيَ

اور تیرے "ارادے" ہی کے مطابق ہر چیز چل رہی ہے سب چیزیں

بِمَشِيَّتِكَ دُوْنَ قَوْلِكَ مُؤْتَمِرَةٌ وَّبِاِرَادَتِكَ

تیرے کہنے سے پہلے تیری مشیت پر عمل پیرا ہیں اور تیرے ارادے کے مطابق

Presented by www.ziaraat.com

دُوْنَ نَهْيِكَ مُنْزَجِرَةٌ اَنْتَ الْمَدْعُوُّ لِلْمُهِمَّاتِ

تیری نہی سے پہلے ہی رُکی ہوئی ہے　　تو (ہی) اہم معاملات میں پکارا جاتا ہے

وَاَنْتَ الْمَفْزَعُ فِي الْمُلِمَّاتِ لَا يَنْدَفِعُ مِنْهَا

اور تو ہی مصائب میں پناہ گاہ ہے　　فقط وہی (بلا) دور ہو سکتی ہے

اِلَّا مَا دَفَعْتَ وَلَا يَنْكَشِفُ مِنْهَا اِلَّا مَا كَشَفْتَ

جسے تو دُور کرے　　اور کوئی (مصیبت کا بادل) نہیں چھٹتا مگر وہ جسے تو صاف کرے

وَقَدْ نَزَلَ بِيْ يَا رَبِّ مَا قَدْ تَكَادَّنِيْ ثِقْلُهُ

اے پروردگار! میرے اوپر وہ بلا نازل ہوئی جس کے بوجھ نے مجھے ہلکان کر دیا

وَاَلَمَّ بِيْ مَا قَدْ بَهَظَنِيْ حَمْلُهُ

اور مجھ پر ایسی ربپتا آن پڑی جس کا اُٹھانا میرے لیے دشوار ہے

وَبِقُدْرَتِكَ اَوْرَدْتَّهُ عَلَيَّ وَبِسُلْطَانِكَ وَجَّهْتَهُ اِلَيَّ

تیری قدرت نے ہی مجھ پر مصیبت ڈالی ہے اور تیری بالادستی نے اسے میری طرف متوجہ کیا ہے

فَلَا مُصْدِرَ لِمَا اَوْرَدْتَّ وَلَا صَارِفَ لِمَا وَجَّهْتَ

اب اس آئی ہوئی (مصیبت) کو تو ہی ٹال سکتا ہے اور جسے تو نے متوجہ کیا اسے تو ہی پھیر سکتا ہے

وَلَا فَاتِحَ لِمَا اَغْلَقْتَ وَلَا مُغْلِقَ لِمَا فَتَحْتَ

جسے تو بند کر دے اسے کوئی کھولنے والا نہیں اور جسے تو کھول دے اسے کوئی بند کرنیوالا نہیں

وَلَا مُيَسِّرَ لِمَا عَسَّرْتَ وَلَا نَاصِرَ لِمَنْ خَذَلْتَ

جسے تو مشکل بنا دے اسے کوئی آسان نہیں بنا سکتا اور جسے تو نے چھوڑ دیا اس کا مددگار کوئی نہیں

Presented by www.ziaraat.com

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَافْتَحْ لِیْ یَا رَبِّ

پس محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر رحمتیں نازل فرما اور اے میرے پروردگار مجھ پر

بَابَ الْفَرَجِ بِطَوْلِكَ وَاكْسِرْ عَنِّیْ سُلْطَانَ الْهَمِّ

اپنے احسان سے کشادگی کا دروازہ کھول دے، اپنی قوت سے مجھ پر ہوئے غم کے غلبہ کو توڑ دے

بِحَوْلِكَ وَاَنِلْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا شَكَوْتُ

اور جو فریاد کر رہا ہوں اس پر نظرِ کرم فرما

وَاَذِقْنِیْ حَلَاوَةَ الصُّنْعِ فِیْمَا سَاَلْتُ

جو سوال کر رہا ہوں اس میں احسان کی لذت سے بہرہ یاب کر

وَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّفَرَجًا هَنِیْئًا

مجھے اپنی بارگاہ سے رحمت و خوشگوار کشائش عطا کر

وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ عِنْدِكَ مَخْرَجًا وَّحِیًّا

اپنے خاص کرم سے جلد جلد کوئی راہ پیدا فرما دے (کہ کسی غیر کی طرف نظر نہ اُٹھے)

وَلَا تَشْغَلْنِیْ بِالْاِهْتِمَامِ عَنْ تَعَاهُدِ

تیرے فرائض کی تعمیل اور سنت کی پابندی کی بجائے

فُرُوْضِكَ وَاسْتِعْمَالِ سُنَّتِكَ فَقَدْ ضِقْتُ

کسی اور چیز میں نہ اُلجھنے دے اے پروردگار! جو (رنج و فکر)

لِمَا نَزَلَ بِیْ یَا رَبِّ ذَرْعًا وَّامْتَلَاْتُ بِحَمْلِ

مجھ پر نازل ہوئی ہے سینہ اس سے تنگی کر رہا ہے اور جو غم رونما ہوا ہے اس کے

Presented by www.ziaraat.com

مَا حَدَثَ عَلَيَّ هَمًّا وَّاَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰى

اٹھانے سے دِل سیر ہو چکا اور تو قادر ہے

كَشْفِ مَا مُنِيْتُ بِهٖ وَدَفْعِ مَا وَقَعْتُ فِيْهِ

جس آزمائش سے میں دوچار ہوں اسے برطرف کرنے پر اور جس صورتحال میں گرفتار ہوں اسے

فَافْعَلْ بِيْ ذٰلِكَ وَاِنْ لَّمْ اَسْتَوْجِبْهُ مِنْكَ

دُور کرنے پر۔ پس مجھ پر کرم فرمائی کر اگرچہ (مجھے اقرار ہے) کہ میں تیرے حضور میں اسکا مستحق نہیں

يَا ذَا الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

اے عرشِ عظیم کے مالک

## ہر پریشانی اور مشکل میں پڑھنے کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ میں تجھ سے محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے حق کا واسطہ دے کر دعا کرتا ہوں

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

کہ محمد اور آلِ محمد پر رحمت نازل فرما

وَّاَنْ تُنْجِيَنِيْ مِنْ هٰذَا الْغَمِّ ط

اور مجھے اس غم سے نجات عطا کر

**واجب نمازوں** کا کوئی بدل نہیں ہے۔ دوسری تمام نمازیں صرف ثواب اور معرفت حاصل کرنے کیلئے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

# متفرق دعائیں

## دعائے کمیل ابن زیاد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن و رحیم اللہ کے نام سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

یا اللہ! میں سوال کرتا ہوں

بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ

تیری رحمت سے جو ہر چیز سے وسیع ہے

وَّبِقُوَّتِكَ الَّتِیْ قَهَرْتَ بِهَا كُلَّ شَیْءٍ

اور تیری قوت سے جو ہر چیز پر غالب ہے

وَّخَضَعَ لَهَا كُلُّ شَیْءٍ وَّذَلَّ لَهَا كُلُّ شَیْءٍ

اور ہر چیز اس کے حضور سر جھکائے اور گردن خم کئے ہوئے ہے

وَّبِجَبَرُوْتِكَ الَّتِیْ غَلَبْتَ بِهَا كُلَّ شَیْءٍ

اور تیری اس عظمت کے صدقے جس کے ذریعے تو ہر شے پر غالب ہے

وَّبِعِزَّتِكَ الَّتِیْ لَا يَقُوْمُ لَهَا شَیْءٌ

اور تیری اس عزت سے جس کے برابر کوئی چیز نہیں آ سکتی

Presented by www.ziaraat.com

وَبِعَظَمَتِكَ الَّتِي مَلَئَتْ كُلَّ شَيْءٍ

اور تیری عظمت سے جس سے ہر چیز لبریز ہے

وَبِسُلْطَانِكَ الَّذِي عَلَا كُلَّ شَيْءٍ

اور تیری سربلندی سے جو ہر چیز سے زیادہ ہے

وَبِوَجْهِكَ الْبَاقِي بَعْدَ فَنَاءِ كُلِّ شَيْءٍ

اور تیری اس ذاتِ باقی کے طفیل جو ہر چیز کے مٹ جانے کے بعد بھی باقی رہے گی

وَبِاَسْمَائِكَ الَّتِي مَلَئَتْ اَرْكَانَ كُلِّ شَيْءٍ

اور تیرے ناموں کے صدقے جنھوں نے ہر شے کی توانائیوں کو سرشار فرمایا ہے

وَبِعِلْمِكَ الَّذِي اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اور تیرے علم کے صدقے جس نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے

وَبِنُورِ وَجْهِكَ الَّذِي اَضَاءَ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ

اور تیرے نورِ ذات کے صدقے جس کی بدولت ہر چیز منوّر ہے

يَا نُورُ يَا قُدُّوسُ

اے نور! اے سراپا پاکیزگی!

يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِينَ وَيَا اٰخِرَ الْاٰخِرِينَ

اے سب پہلوں سے پہلے اے سب اخیروں سے اخیر

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تَهْتِكُ الْعِصَمَ

خدایا! میرے گناہوں کو معاف کر دے جو آبرو ریز ہیں

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تُنْزِلُ النِّقَمَ

خدایا! میرے گناہوں کو معاف کردے جن سے تیرا غضب نازل ہوتا ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تُغَيِّرُ النِّعَمَ

خدایا! میرے گناہوں کو معاف کردے جن سے نعمتیں بدل جاتی ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تَحْبِسُ الدُّعَاءَ

خدایا! میرے گناہوں کو معاف کردے جن سے دُعا آگے نہیں بڑھ سکتی

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيَ الذُّنُوبَ الَّتِي تُنْزِلُ الْبَلَاءَ

خدایا! میرے گناہوں کو معاف کردے جن سے بلائیں آتی ہیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي كُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ وَكُلَّ خَطِيئَةٍ اَخْطَاْتُهَا

خدایا! میرے تمام کردہ گناہوں اور سرزد غلطیوں کو بخش دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِذِكْرِكَ

خدایا! میں تیرے ذکر کے ذریعے تجھ سے قریب ہونا چاہتا ہوں

وَاَسْتَشْفِعُ بِكَ اِلٰى نَفْسِكَ وَاَسْئَلُكَ بِجُودِكَ

اور تیری بارگاہ میں تجھ کو ہی سفارشی بناتا ہوں اور تیری سخاوت کے صدقے دعا کرتا ہوں

اَنْ تُدْنِيَنِي مِنْ قُرْبِكَ وَاَنْ تُوزِعَنِي

کہ مجھے اپنے قرب سے نواز، مجھے اپنا شکر کرنے کی

شُكْرَكَ وَاَنْ تُلْهِمَنِي ذِكْرَكَ

توفیق دے اور مجھے اپنا ذکر کرنے کی تعلیم دے

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ سُؤَالَ خَاضِعٍ مُّتَذَلِّلٍ خَاشِعٍ

یا اللہ! میں تجھ سے ڈرتے ہوئے عاجزی اور بیچارگی کے ساتھ دُعا کرتا ہوں

اَنْ تُسَامِحَنِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَتَجْعَلَنِیْ بِقِسْمِكَ

کہ مجھ سے درگزر فرما، مجھ پر رحم فرما اور مجھے اپنی تقسیم پر

رَاضِیًا قَانِعًا وَّفِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ مُتَوَاضِعًا

راضی و قانع رکھ اور تمام حالات میں نرم دِل و نرم خُو بنا دے

اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ سُؤَالَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ

خدایا اور میں اس شخص کی طرح تجھ سے سوال کرتا ہوں جسکی ضرورتیں انتہائی پریشان کن

وَاَنْزَلَ بِكَ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ حَاجَتَهٗ

ہوں اور اس نے حد سے زیادہ پریشانی کے موقع پہ اپنی حاجتیں تجھ سے بیان کی ہوں

وَعَظُمَ فِیْمَا عِنْدَكَ رَغْبَتُهٗ

اور جو کچھ تیری بارگاہ میں ہے اس سے بہت زیادہ وابستہ ہو چکا ہو

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ سُلْطَانُكَ وَعَلَا مَكَانُكَ

خدایا! تیری قدرت عظیم، تیری منزل بلند،

وَخَفِیَ مَكْرُكَ وَظَهَرَ اَمْرُكَ وَغَلَبَ قَهْرُكَ

تیری تدبیریں عقل کی رسائی سے باہر، تیرے احکام واضح، تیری توانائی غالب،

وَجَرَتْ قُدْرَتُكَ وَلَا یُمْكِنُ الْفِرَارُ مِنْ حُكُوْمَتِكَ

تیری قدرت جاری اور تیری فرماں روائی سے بچ نکلنا ممکن نہیں ہے

Presented by www.ziaraat.com

اَللّٰهُمَّ لَآ اَجِدُ لِذُنُوْبِيْ غَافِرًا

بارِ الٰہا! مجھے میرے گناہوں کا بخشنے والا کوئی نظر نہیں آتا،

وَّلَا لِقَبَآئِحِيْ سَاتِرًا وَّلَا لِشَيْءٍ مِّنْ

میری برائیوں کا پردہ پوش کوئی نہیں، اور نہ میری بدکاریوں کو

عَمَلِيَ الْقَبِيْحِ بِالْحَسَنِ مُبَدِّلًا غَيْرَكَ

خوش کرداری سے بدلنے والی تیرے سوا کوئی ذات ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ وَبِحَمْدِكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے اور تیری ہی حمد کرتا ہوں

ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَتَجَرَّأْتُ بِجَهْلِيْ

میں نے اپنے اُوپر ظلم کیا اور اپنی جہالت سے جرات کی

وَسَكَنْتُ اِلٰى قَدِيْمِ ذِكْرِكَ لِيْ وَمَنِّكَ عَلَيَّ

اور میں تیری گزشتہ نعمتوں اور ماضی کے احسانات یاد کرتا رہا ہوں

اَللّٰهُمَّ مَوْلَايَ كَمْ مِّنْ قَبِيْحٍ سَتَرْتَهٗ

خدایا! میرے مولا کتنے عیب تھے کہ تو نے چھپا لیے

وَكَمْ مِّنْ فَادِحٍ مِّنَ الْبَلَآءِ اَقَلْتَهٗ

کتنی ہولناک بلائیں تھیں کہ تو نے ٹال دیں

وَكَمْ مِّنْ عِثَارٍ وَّقَيْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ مَّكْرُوْهٍ دَفَعْتَهٗ

کتنی ٹھوکروں سے تو نے بچا لیا اور کتنی ناپسندیدہ چیزوں کو تو نے دُور کیا

Presented by www.ziaraat.com

وَكَمْ مِّنْ ثَنَآءٍ جَمِيلٍ لَّسْتُ اَهْلاً لَّهٗ نَشَرْتَهٗ

کتنی ہی عمدہ تعریفیں تھیں جن کا میں اہل نہ تھا مگر تو نے انھیں پھیلایا

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ بَلَآئِیْ وَاَفْرَطَ بِیْ سُوْٓءُ حَالِیْ

خدایا! میری بلائیں بڑی سخت ہیں ، بدحالی نے مجھ پر بڑے ستم ڈھائے ہیں

وَقَصُرَتْ بِیْ اَعْمَالِیْ وَقَعَدَتْ بِیْ اَغْلَالِیْ

اعمال کی کمزوریوں نے ، (ہوا وہوس کی) زنجیروں کے بوجھ نے

وَحَبَسَنِیْ عَنْ نَّفْعِیْ بُعْدُ اَمَلِیْ وَخَدَعَتْنِیْ

اور اُمیدوں کی وسعتوں نے مجھے قید کر رکھا ہے

الدُّنْيَا بِغُرُوْرِهَا وَنَفْسِیْ بِجِنَايَتِهَا وَمِطَالِیْ

دنیا نے اپنے فریبوں اور میرے نفس نے اپنی خیانت و کاہلی سے مجھے دھوکہ دیا

يَا سَيِّدِیْ فَاَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ اَنْ لَّا يَحْجُبَ

لہٰذا میرے آقا میں تیری قدرت کے صدقے تجھ سے سوالی ہوں کہ میری بداعمالی و

عَنْكَ دُعَآئِیْ سُوْٓءُ عَمَلِیْ وَفِعَالِیْ

بدکاری میری دُعا کو تیری بارگاہ تک رسائی سے نہ روکے

وَلَا تَفْضَحْنِیْ بِخَفِیِّ مَا اطَّلَعْتَ عَلَيْهِ مِنْ سِرِّیْ

اور ان پوشیدہ رازوں کی وجہ سے مجھے رسوا نہ فرما جو تجھ پر عیاں ہیں

وَلَا تُعَاجِلْنِیْ بِالْعُقُوْبَةِ عَلٰی مَا عَمِلْتُهٗ

اور خلوتوں میں کی ہوئی بداعمالیوں کی وجہ سے مجھ پر عذاب کرنے میں جلدی

Presented by www.ziaraat.com

فِيْ خَلَوَاتِيْ مِنْ سُوْٓءِ فِعْلِيْ وَاِسَآئَتِيْ وَدَوَامِ

نہ کر میں نے غلطیاں کیں ، مسلسل زیادتیاں

تَفْرِيْطِيْ وَجَهَالَتِيْ وَكَثْرَةِ شَهَوَاتِيْ وَغَفْلَتِيْ

کرتا رہا مگر وہ میری جہالت ، خواہشات کی زیادتی اور غفلت کی وجہ سے ہوا

وَكُنِ اللّٰهُمَّ بِعِزَّتِكَ لِيْ فِي الْاَحْوَالِ كُلِّهَا رَءُوْفًا

یا اللہ! اپنی عزت کے صدقے میں میرے تمام حالات میں مجھ پر رحم فرما

وَّعَلَيَّ فِيْ جَمِيْعِ الْاُمُوْرِ عَطُوْفًا

اور میرے تمام معاملات میں مجھ پر توجہ فرما

اِلٰهِيْ وَرَبِّيْ مَنْ لِّيْ غَيْرُكَ اَسْئَلُهٗ

میرے معبود اے میرے پروردگار تیرے سوا میرا کون ہے جس سے

كَشْفَ ضُرِّيْ وَالنَّظَرَ فِيْٓ اَمْرِيْ

اپنی زحمتوں کو دور کرنے اور اپنے معاملات میں نظر کرنے کی درخواست کروں

اِلٰهِيْ وَمَوْلَايَ اَجْرَيْتَ عَلَيَّ حُكْمًا اتَّبَعْتُ

میرے اللہ میرے مولا تو نے مجھے حکم (شریعت) دیا مگر میں نے

فِيْهِ هَوٰى نَفْسِيْ وَلَمْ اَحْتَرِسْ فِيْهِ

اپنی خواہش نفس پر عمل کیا اور ایسا کرتے ہوئے مجھے خیال نہ آیا

مِنْ تَزْيِيْنِ عَدُوِّيْ فَغَرَّنِيْ بِمَآ اَهْوٰى

اپنے دشمن کی فریب کاری کا لہٰذا اس (دل) نے اپنی خواہشوں کے ذریعہ مجھے دھوکہ دیا

Presented by www.ziaraat.com

وَ اَسْعَدَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ الْقَضَآءُ فَتَجَاوَزْتُ بِمَا جَرٰى

اور قسمت نے اس سلسلے میں اس کی مدد کی خیر، نتیجہ یہ ہوا کہ مَیں نے

عَلَیَّ مِنْ ذٰلِكَ بَعْضَ حُدُوْدِكَ وَخَالَفْتُ بَعْضَ

تیری (مقرر کردہ) کچھ حدوں سے تجاوز کیا اور تیرے کچھ احکام کی

اَوَامِرِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَیَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِكَ

خلاف ورزی کی پس اب ان تمام منزلوں میں تیری حمد کرتا ہوں

وَلَا حُجَّةَ لِیْ فِیْمَا جَرٰى عَلَیَّ فِیْهِ قَضَآؤُكَ

تیرا جو فیصلہ میرے خلاف صادر ہو چکا اس میں لب کشائی کے لیے میرے پاس کوئی دلیل نہیں

وَاَلْزَمَنِیْ حُكْمُكَ وَبَلَآؤُكَ وَقَدْ اَتَیْتُكَ

تیرا حکم مجھ پر فرض اور آزمائشیں لازمی ہو چکیں اور مَیں حاضر ہوا ہوں

یَآ اِلٰهِیْ بَعْدَ تَقْصِیْرِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰى نَفْسِیْ

یا اللہ! اپنی ان کوتاہیوں پر اور اپنے نفس پر ڈھائے ہوئے ظلموں پر

مُعْتَذِرًا نَّادِمًا مُّنْكَسِرًا مُّسْتَقِیْلًا

معذرت کرتا، نادم، انکساری کے ساتھ، توبہ کرتا

مُّسْتَغْفِرًا مُّنِیْبًا مُّقِرًّا مُّذْعِنًا مُّعْتَرِفًا

بخشش مانگتا، عاجزانہ انداز میں اقرار کرتا، پورے یقین اور دلی اعتراف کے ساتھ

لَآ اَجِدُ مَفَرًّا مِّمَّا كَانَ مِنِّیْ وَلَا مَفْزَعًا اَتَوَجَّهُ

جو کر چکا اُس سے مفر نہیں اور نہ کوئی ایسا ہے کہ اپنے معاملات میں

Presented by www.ziaraat.com

| |
|---|
| اِلَيهِ فِى اَمْرِى غَيْرَ قَبُولِكَ عُذْرِى |
| اس کا رُخ کروں صرف تو ہی میرا عذر مان سکتا ہے ، |
| وَاِدْخَالِكَ اِيَّاىَ فِى سَعَةٍ مِّنْ رَّحْمَتِكَ |
| تو ہی اپنی وسیع رحمتوں میں مجھے داخل کر سکتا ہے |
| اَللّٰهُمَّ فَاقْبَلْ عُذْرِى وَارْحَمْ شِدَّةَ |
| خدایا ! میری معذرت قبول فرما ، میری سخت پریشانیوں پر |
| ضُرِّى وَفُكَّنِى مِنْ شَدِّ وَثَاقِى |
| رحم فرما اور میری مضبوط بندشوں کو کھول دے |
| يَارَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِى وَرِقَّةَ جِلْدِى |
| میرے پروردگار ! میرے جسم کی کمزوری ، کھال کی نرمی |
| وَدِقَّةَ عَظْمِى يَامَنْ بَدَءَ خَلْقِى |
| اور ہڈیوں کی نزاکت پر رحم کر اے وہ جس نے میری خلقت کا آغاز فرمایا |
| وَذِكْرِى وَتَرْبِيَتِى وَبِرِّى وَتَغْذِيَتِى |
| ذکر جاری کیا ، پرورش فرمائی ، احسانات کیے ، روزی دی |
| هَبْنِى لِابْتِدَاءِ كَرَمِكَ وَسَالِفِ بِرِّكَ بِى |
| اب اپنے ابتدائی کرم اور گزشتہ احسانات کی بنا پر بخش دے |
| يَآاِلٰهِى وَسَيِّدِى وَرَبِّى اَتُرَاكَ مُعَذِّبِى |
| اے میرے معبود ، میرے آقا و پروردگار کیا تو مجھے آگ میں جلتا |

Presented by www.ziaraat.com

بِنَارِكَ بَعْدَ تَوْحِيْدِكَ وَبَعْدَ مَا انْطَوٰى

دیکھے گا حالانکہ میں تیری توحید کا اقرار کر چکا اور

عَلَيْهِ قَلْبِىْ مِنْ مَّعْرِفَتِكَ وَلَهِجَ بِهٖ لِسَانِىْ

میرے دل میں تیری معرفت موجود ہے اور میری زبان کو

مِنْ ذِكْرِكَ وَاعْتَقَدَهٗ ضَمِيْرِىْ مِنْ حُبِّكَ

تیرے ذکر سے عشق ہے اور تیری محبت کا میرے ضمیر کو اعتقاد ہے

وَبَعْدَ صِدْقِ اعْتِرَافِىْ وَدُعَآئِىْ خَاضِعًا لِّرُبُوْبِيَّتِكَ

اور سچے اعتراف کا اظہار کر چکا اور میری دُعا تیری ربوبیت کے سامنے گردن جھکائے ہے

هَيْهَاتَ اَنْتَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ تُضَيِّعَ

توبہ! توبہ! تو اس سے کہیں زیادہ بلند ہے کہ اسے بیکار کر دے

مَنْ رَبَّيْتَهٗ اَوْ تُبَعِّدَ مَنْ اَدْنَيْتَهٗ

جسے تو نے (خود) پالا ہو، جسے اپنے قریب کیا ہو اُسے دُور کر دے،

اَوْ تُشَرِّدَ مَنْ اٰوَيْتَهٗ اَوْ تُسَلِّمَ اِلَى الْبَلَآءِ

جسے پناہ دی ہو اسے نکال دے، جس کی سربراہی کی ہو اور

مَنْ كَفَيْتَهٗ وَرَحِمْتَهٗ وَلَيْتَ شِعْرِىْ

رحمت کی ہو اسے بلاؤں کے سپرد کر دے کاش مجھے علم ہوتا

يَا سَيِّدِىْ وَاِلٰهِىْ وَمَوْلَاىَ اَتُسَلِّطُ النَّارَ

اے میرے آقا، اے میرے معبود، اے میرے مولا! کیا تو جہنم مسلط کر دے گا

Presented by www.ziaraat.com

عَلٰی وُجُوْهٍ خَرَّتْ لِعَظَمَتِكَ سَاجِدَةً

ان چہروں پر جو تیری عظمت کے سامنے سجدہ ریز ہوں

وَّعَلٰٓی اَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِيْدِكَ صَادِقَةً وَّبِشُكْرِكَ

اور ان زبانوں پر جو سچائی کے ساتھ تیری توحید کا اقرار اور شکر میں تیری مدح وثنا

مَادِحَةً وَّعَلٰی قُلُوْبٍ اعْتَرَفَتْ بِاِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً

کر چکی ہوں اور ان دلوں پر جو تیری خدائی کا یقین کے ساتھ اقرار کر چکے ہوں

وَعَلٰی ضَمَآئِرَ حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ حَتّٰی صَارَتْ خَاشِعَةً

اور ان ضمیروں پر جو تیرے بارے میں علم سے لبریز ہو کر جھک چکے ہوں

وَّعَلٰی جَوَارِحَ سَعَتْ اِلٰی اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ طَآئِعَةً

اور ان اعضاء پر جو تیری بندگی کے مرکزوں تک دوڑ آئے ہوں

وَّاَشَارَتْ بِاسْتِغْفَارِكَ مُذْعِنَةً

اور بڑے یقین کے ساتھ تجھ سے مغفرت طلب کر چکے ہوں

مَا هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ وَلَآ اُخْبِرْنَا بِفَضْلِكَ عَنْكَ

تیرے بارے میں میرا تو یہ گمان نہیں ہو سکتا نہ تیرے فضل کے بارے میں ہمیں ایسی کوئی خبر دی گئی ہے

يَا كَرِيْمُ يَا رَبِّ وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفِيْ

اے کریم! اے پروردگار! تجھے خوب معلوم ہے کہ میں

عَنْ قَلِيْلٍ مِّنْ بَلَآءِ الدُّنْيَا وَعُقُوْبَاتِهَا

دنیا کی معمولی سے معمولی بلا اور یہاں کی سزائیں

Presented by www.ziaraat.com

وَمَا يَجْرِي فِيهَا مِنَ الْمَكَارِهِ عَلَى أَهْلِهَا

یا دنیا والوں پر جو سختیاں گزرتی ہیں انھیں برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا

عَلَى أَنَّ ذٰلِكَ بَلَاءٌ وَمَكْرُوهٌ

حالانکہ یہ تکلیفیں اور بلائیں

قَلِيلٌ مَكْثُهُ يَسِيرٌ بَقَاؤُهُ قَصِيرٌ مُدَّتُهُ

کم اور ان کا ثبات و قرار مختصر، ان کی مدتیں کوتاہ ہیں

فَكَيْفَ احْتِمَالِي لِبَلَاءِ الْآخِرَةِ وَجَلِيلِ

پھر آخرت کی بلاؤں اور وہاں کی ناقابلِ پسند

وُقُوعِ الْمَكَارِهِ فِيهَا وَهُوَ بَلَاءٌ تَطُولُ مُدَّتُهُ

دشواریوں کا کیا حال ہوگا کہ وہ بلائیں تو مدتوں برقرار

وَيَدُومُ مَقَامُهُ وَلَا يُخَفَّفُ عَنْ أَهْلِهِ

اور ہمیشہ باقی رہیں گی آخرت والوں پر ان بلاؤں میں کوئی کمی نہ ہوگی

لِأَنَّهُ لَا يَكُونُ إِلَّا عَنْ غَضَبِكَ وَانْتِقَامِكَ

کیونکہ وہاں تو یہ باتیں تیرے غضب، انتقام اور ناراضگی کی وجہ

وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لَا تَقُومُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ

سے ہوں گی اور یہ ایسی وجہ ہے جس کے سامنے نہ آسمان ٹھہر سکتے ہیں نہ زمین

يَا سَيِّدِي فَكَيْفَ لِي وَأَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ

پھر میرے آقا میں کیا کروں جبکہ میں تیرا کمزور

Presented by www.ziaraat.com

الذَّلِیْلُ الْحَقِیْرُ الْمِسْکِیْنُ الْمُسْتَکِیْنُ

عاجز ، حقیر ، بے چارہ و ناکارہ بندہ ہوں

یَآ اِلٰھِیْ وَرَبِّیْ وَسَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ

اے میرے معبود اے میرے پروردگار اے میرے آقا اے میرے مولا

لِاَیِّ الْاُمُوْرِ اِلَیْکَ اَشْکُوْ وَلِمَا مِنْھَا

کس کس بات کی فریاد کروں ان میں سے کس کس

اَضِجُّ وَاَبْکِیْ لِاَلِیْمِ الْعَذَابِ وَشِدَّتِہٖ

چیز پر روؤں پیٹوں تیرے دردناک عذاب اور اس کی شدت پر

اَمْ لِطُوْلِ الْبَلَآءِ وَمُدَّتِہٖ فَلَئِنْ صَیَّرْتَنِیْ

بلاؤں کے طول اور اس کی سختیوں پر اگر کہیں تو نے مجھے سزاؤں

لِلْعُقُوْبَاتِ مَعَ اَعْدَآئِکَ وَجَمَعْتَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ

میں اپنے دشمنوں کا ساتھی بنا دیا اور مجھے ان بلاکشوں میں

اَھْلِ بَلَآئِکَ وَفَرَّقْتَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَحِبَّآئِکَ وَاَوْلِیَآئِکَ

بٹھا دیا اور مجھ میں اور اپنے پسندیدہ بندوں میں جدائی ڈال دی

فَھَبْنِیْ یَآ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ وَرَبِّیْ

تو فرض کیا اے میرے معبود ، میرے آقا ، میرے مولا ، میرے پروردگار

صَبَرْتُ عَلٰی عَذَابِکَ فَکَیْفَ اَصْبِرُ عَلٰی فِرَاقِکَ

کہ میں تیرے عذاب پر صبر کرلوں مگر تیری بارگاہ سے دور رہنے پر کیسے صبر کرسکونگا

Presented by www.ziaraat.com

وَهَبْنِي يَا إِلٰهِي صَبَرْتُ عَلَى حَرِّ نَارِكَ

الٰہی! مانا کہ تیرے جہنم کی آگ پر بھی صبر کر لیا

فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَنِ النَّظَرِ إِلَى كَرَامَتِكَ

مگر تیرے کرم سے محروم نظر ہونے پر کیسے صبر کر سکوں گا

أَمْ كَيْفَ أَسْكُنُ فِي النَّارِ وَرَجَائِي عَفْوُكَ

یا جہنم میں کیسے رہ سکوں گا جبکہ تیری معافی سے پُر اُمید ہوں

فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِي وَمَوْلَايَ

اے میرے آقا، اے میرے مولا! تیری عزت کی

أُقْسِمُ صَادِقاً لَئِنْ تَرَكْتَنِي نَاطِقاً

سچی قسم کھا کر کہتا ہوں اگر اس وقت تو نے مجھ میں قوتِ گویائی باقی رہنے دی

لَأَضِجَّنَّ إِلَيْكَ بَيْنَ أَهْلِهَا ضَجِيجَ الْآمِلِينَ

تو میں جہنمیوں میں رہتے ہوئے تیرے سامنے اس طرح فریاد کرونگا جیسے امیدوار فریاد کرتے ہیں

وَلَأَصْرُخَنَّ إِلَيْكَ صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ

اور چیخنے والوں کی طرح چلاؤں گا

وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَيْكَ بُكَاءَ الْفَاقِدِينَ

اور مُردہ اولاد لوگوں کی طرح تیرے حضور میں رووٗں گا

وَلَأُنَادِيَنَّكَ أَيْنَ كُنْتَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ

اور پکار کر کہوں گا کہ اے مومنوں کے مولا تو کہاں ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَا غَايَةَ آمَالِ الْعَارِفِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

اے عارفوں کی تمناؤں کے مرکز! اے فریادیوں کے فریاد رس!

يَا حَبِيْبَ قُلُوْبِ الصَّادِقِيْنَ وَيَا اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ

اے سچوں کے دلی محبوب! اے جہانوں کے معبود!

اَفَتُرَاكَ سُبْحٰنَكَ يَا اِلٰهِيْ وَبِحَمْدِكَ

الٰہی! تیری حمد وثنا، تو پاک و بلند ہے کیا یہ ملاحظہ فرمائے گا

تَسْمَعُ فِيْهَا صَوْتَ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ سُجِنَ فِيْهَا بِمُخَالَفَتِهٖ

کہ اس عذاب میں تیرا ایک مسلمان بندہ پکار رہا ہو اور نافرمانی کی وجہ سے اس جہنم میں قید ہو

وَذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا بِمَعْصِيَتِهٖ

وہاں کے عذاب کا مزہ اپنی گناہ گاری کی وجہ سے چکھ رہا ہو

وَحُبِسَ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا بِجُرْمِهٖ وَجَرِيْرَتِهٖ

اس جہنم کے طبقوں میں اپنے جرم و قصور کی وجہ سے محبوس ہو

وَهُوَ يَضِجُّ اِلَيْكَ ضَجِيْجَ مُؤَمِّلٍ لِّرَحْمَتِكَ

اور وہیں تیری رحمت کے امیدواروں کی طرح چیخ رہا ہو

وَيُنَادِيْكَ بِلِسَانِ اَهْلِ تَوْحِيْدِكَ

اور تیرے موحدوں کی زبان میں پکار رہا ہو

وَيَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِرُبُوْبِيَّتِكَ

تیری ربوبیت (پروردگاری) کو وسیلہ بنا رہا ہو

Presented by www.ziaraat.com

يَا مَوْلَايَ فَكَيْفَ يَبْقَى فِي الْعَذَابِ

اے میرے مولا! اس کے بعد وہ شخص تیرے عذاب میں کیونکر باقی رہے گا

وَهُوَ يَرْجُوْ مَا سَلَفَ مِنْ حِلْمِكَ

جسے اپنے گناہان گزشتہ کے بارے میں تیرے درگزر سے امیدیں ہوں

اَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ النَّارُ وَهُوَ يَأْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ

یا کس طرح جہنم اس شخص کو دکھ دے سکے گا جبکہ وہ تیرے فضل وکرم کا امیدوار ہو

اَمْ كَيْفَ يُحْرِقُهُ لَهِيْبُهَا وَاَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ

یا جہنم کے شعلے اسے کیونکر جلا سکیں گے جبکہ تو اس کی آوازیں سن رہا ہو،

وَتَرٰى مَكَانَهُ اَمْ كَيْفَ يَشْتَمِلُ

اس کی منزل کو دیکھ رہا ہو یا اس آدمی پر دوزخ کے شعلے کیسے

عَلَيْهِ زَفِيْرُهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهُ

چھا سکیں گے جس کی ناتوانی کا تجھے علم ہو

اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ

یا وہ شخص جہنم کے طبقوں میں کیسے بھن سکے گا جسکے سچ سے تو واقف ہے

اَمْ كَيْفَ تَزْجُرُهُ زَبَانِيَتُهَا وَهُوَ يُنَادِيْكَ يَا رَبَّهُ

یا اس کی لپٹیں ایسے شخص کو کیونکر سزا دے سکیں گی جو تجھے "یارب" کہہ کر پکار رہا ہو

اَمْ كَيْفَ يَرْجُوْ فَضْلَكَ فِيْ عِتْقِهِ مِنْهَا فَتَتْرُكُهُ فِيْهَا

یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ (گناہگار) تو جہنم سے چھٹکارے کی امید تجھ سے رکھے اور تو اسے وہیں پڑا رہنے دے

Presented by www.ziaraat.com

هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ

توبہ! توبہ! تجھ سے یہ امید نہیں

وَلَا الْمَعْرُوْفُ مِنْ فَضْلِكَ وَلَا مُشْبِهٌ لِّمَا عَامَلْتَ

نہ تیرے احسان کے باب میں یہ بات کسی کو معلوم ہے نہ تیری بخشش و کرم کی طرح

بِهِ الْمُوَحِّدِيْنَ مِنْ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِيْنِ

کسی نے تیرے مُوَحِّدوں سے برتاؤ کیا ہے میں تو یقین

اَقْطَعُ لَوْلَا مَا حَكَمْتَ بِهِ مِنْ تَعْذِيْبِ جَاحِدِيْكَ

قطعی رکھتا ہوں کہ اگر تو نے اپنے منکروں کو عذاب میں

وَقَضَيْتَ بِهِ مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ

اور دشمنوں کو جاودانی طور پر جہنم میں رکھنے کا فیصلہ نہ فرمایا ہوتا

لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا بَرْدًا وَّسَلَامًا

تو جہنم کی آگ کو سراسر خنکی و سلامتی بنا دیتا

وَمَا كَانَ لِاَحَدٍ فِيْهَا مَقَرًّا وَّلَا مُقَامًا

اور اس میں کسی کو منزل و قیام نہ ہوتا

لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ اَقْسَمْتَ اَنْ

لیکن تیرے نام پاکیزہ تو نے قسم کھائی ہے کہ

تَمْلَاَهَا مِنَ الْكٰفِرِيْنَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

اس (جہنم) کو کافر جنوں اور انسانوں سے بھر دے گا

Presented by www.ziaraat.com

وَاَنْ تُخَلِّدَ فِيهَا الْمُعَانِدِيْنَ

اور اپنے دشمنوں کو وہاں ہمیشہ رکھے گا

وَاَنْتَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ قُلْتَ مُبْتَدِئًا

تیری حمد و ثنا کا درجہ بلند ہے تو نے شروع ہی میں فرما دیا

وَتَطَوَّلْتَ بِالْاِنْعَامِ مُتَكَرِّمًا

اور انعام و عزت افزائی کے طور پر کرم کیا (اور فرمایا)

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُوْنَ

کیا مؤمن ویسا ہی ہو سکتا ہے جیسا فاسق ؟ نہیں، دونوں برابر نہیں

اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ فَاَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ

اے میرے اللہ اے میرے آقا میں تیری اس قدرت کے ذریعہ سوال کرتا ہوں

قَدَّرْتَهَا وَبِالْقَضِيَّةِ الَّتِيْ حَتَمْتَهَا وَحَكَمْتَهَا

جس کا اثر یہ ہے کہ سارے عالم پر تیرا قبضہ ہے اور تیرے ان فیصلوں کا سہارا لیتا ہوں جن کو حتمی

وَغَلَبْتَ مَنْ عَلَيْهِ اَجْرَيْتَهَا اَنْ تَهَبَ لِيْ

اور محکم قرار دیا ہے اور جس پر اسے جاری فرمایا اس پر توانائی حاصل فرمائی معبود!

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

اسی رات اسی گھڑی

كُلَّ جُرْمٍ اَجْرَمْتُهُ وَكُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ

معاف فرما دے میرے تمام جرم جو میں نے کیے ہر وہ گناہ جس کا گناہ گار ہوں

Presented by www.ziaraat.com

وَكُلَّ قَبِيحٍ اَسْرَرْتُهُ وَكُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهُ

ہر وہ بری بات جسے چھپایا ہر وہ جہالت جس پر عمل کیا

كَتَمْتُهُ اَوْ اَعْلَنْتُهُ اَخْفَيْتُهُ اَوْ اَظْهَرْتُهُ

چاہے پوشیدہ کیا ہو یا علانیہ چھپایا ہو یا ظاہر کیا ہو

وَكُلَّ سَيِّئَةٍ اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَا الْكِرَامَ

